# دلچسپ حساب


6S8QDY

## درجہ سوم

(نصابی و عملی کتاب)

# ଗଣିତ ମଜା

## ତୃତୀୟ ଶ୍ରେଣୀ



اڈیشا اسکول تعلیمی پروگرام اتھاریٹی،
بھوبنیشور

محکمۂ تعلیم اساتذہ اور صوبائی تحقیقی و تربیتی ادارہ برائے تعلیم،
اڈیشا، بھوبنیشور

# دلچسپ حساب

## درجہ سوم

(نصابی و عملی کتاب)


مصنفین کرام اور نقشہ نگار (مصور)

- شری نگیندر کمار مشرا
- شری تاپس کمار نائک
- شری جگبندھو مشرا
- شری چتر بھوج پردھان

کوآرڈی نیٹر:

ڈاکٹر تلوتما سیناپتی

ڈاکٹر سبیتا ساہو

مترجمین:

شیخ سمیع اللہ

محمد محبّ

نفیسہ بی بی

نظرثانی کنندگان

سعید رحمانی

شیخ عبدالحنان

تصحیح زبان:

محمد مطیع اللہ نازش



ناشر: محکمۂ اسکول و تعلیمِ عامہ، اڈیشا سرکار


سن اشاعت: 2010
2019

ترتیب: محکمۂ تعلیمِ اساتذہ اور صوبائی تحقیقی و تربیتی ادارہ برائے تعلیم، اڈیشا، بھوبنیشور

اور

ادارۂ نشر و اشاعت برائے کتبِ تعلیم و تدریس صوبۂ اڈیشا، بھوبنیشور

مکتبہ: درسی کتاب چھپائی و فروخت، بھوبنیشور



میں یہ سمجھتا ہوں کہ کتابی علم ہی اصل تعلیم نہیں ہے۔ سچا علم تو کردار سازی اور فرض سے آگاہی ہے۔ اُپنیشدوں کی شرح میں لکھا ہے کہ پہلا آشرم یعنی برہم چریہ آشرم، سنیاس آشرم کے برابر ہے۔ اس کا مجھ پر گہرا اثر پڑا ہے۔ تفریح اور دل لگی صرف ایک خاص عمر تک ہی اچھی لگتی ہے۔ بارہ برس کی عمر کے بعد تفریح اور دل لگی کا بہت ہی کم بلکہ نہیں کے برابر ہی موقع مجھے ملا ہے۔

دنیا میں تین باتیں اہم ہیں۔ ان کو حاصل کر کے تم دنیا کے کسی بھی کونے میں جاؤ گے تو اپنا گزارا کر سکو گے۔ اپنی روح کا اپنے آپ کا اور خدا کا سچا عرفان حاصل کرنا۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ تمہیں کتابی علم نہیں ملے گا وہ تو ملے گا ہی۔ کتابی علم تو اس لیے ہوتا ہے کہ جو کچھ تمہیں ملا ہے اسے تم دوسروں کو دے سکو۔

mkgandhi


# فہرست


| سلسلہ نمبر | مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | کاغذ کا کھیل | 1 |
| 2 | چیزوں سے شکل جاننا | 14 |
| 3 | چلو ہم گنتی کریں | 23 |
| 4 | آؤ ہم کھیلیں | 30 |
| 5 | آگے پیچھے کا جاننا | 34 |
| 6 | جوڑ اور بے جوڑ اعداد کی پہچان | 37 |
| 7 | مقام کا جاننا | 42 |
| 8 | کون زیادہ کون کم ؟ | 46 |
| 9 | آؤ جمع کرنا سیکھیں | 53 |
| 10 | تفریق جاننا | 59 |
| 11 | آو حساب کریں | 69 |
| 12 | آؤ تقسیم کریں | 80 |
| 13 | آو پیمائش کریں | 93 |
| 14 | وزن و مقدار جاننا | 104 |
| 15 | کلینڈر سے سیکھنا | 118 |
| 16 | روپیے پیسے کا حساب | 122 |
| 17 | وقت کہتا ہے میں ٹھیک ٹھیک | 129 |
| 18 | معلومات حاصل کریں | 139 |

سبق: 1

# کاغذ کا کھیل

چنگو اور منگو نے کاغذ کو لیکر کھیل شروع کیا۔ کاغذ کو تہہ کر کے ناؤ، پٹاخہ، ٹوپی، ٹرے، بال وغیرہ بنائیے۔ پہلے چنگو نے کاپی سے کاغذ پھاڑ کر اس سے کیا کیا بنایا دیکھیں:





چنگو نے کاغذ کو تہہ کر کے اس سے کیا تیار کیا؟

آپ کاغذ کو تہہ کر کے اسی طرح کی چیزیں بنائیے۔


**اساتذہ کے لیے ہدایت:** کاغذ سے ناؤ جس طرح بنتی ہے اسی طرح پٹاخہ، ٹوپی، ٹرے، ہوائی جہاز، بال وغیرہ تیار کرنا بچوں کو سکھائیں۔

تصویر میں دکھائے گیے ایک مستطیل (چار کونے والے) کاغذ کا ٹکڑا لیں۔ اس کے ایک کونے کو تہہ کر دیں اور اس زور سے دبائیں کہ کاغذ پر تہہ کی لکیریں ابھر آئیں۔ قینچی کی مدد سے لکیر پڑے ہوئے حصہ کو کاٹیے اس کٹے ہوئے کاغذ کی جو شکل آپ کو ملی اسے مثلث کہا جاتا ہے۔

6SHLFL




اب اور ایک کاغذ کا ٹکڑا لیں اور اسے رنگ دیں۔ کاغذ کو کاٹ کر مثلث تیار کریں اور اس مثلث کو آپ اپنی کاپی پر گوند سے چپکا دیں۔




مثلث کے تینوں طرف ہر لکیر کو اسکا ضلع کہا جاتا ہے۔ مثلث کے کتنے ضلع ہیں؟

اس میں دیے ہوئے مثلث کے نام ہیں۔ ا۔ب۔ج

تینوں ضلعوں کے نام ہیں اب۔ اج۔ ب ج



نیچے دیے ہوئے ہر ایک مثلث اور اسکے ضلع کے نام لکھیے۔




اپنی کاپی پر ماچس رکھ کر اس کے چاروں طرف پنسل سے لکیر کھینچیے اور دیکھیے کس طرح کی تصویر بنتی ہے۔

اس شکل کو مستطیل کہا جاتا ہے۔ اس کے اندر کے حصے کو رنگ دیجیے۔




اسکے چاروں طرف پڑی ہوئی لکیروں کو ضلع کہتے ہیں۔ مستطیل کے کتنے ضلع ہیں؟




اس مستطیل کا نام ا۔ب۔ج۔د ہے۔


اس کے ضلعوں کا نام اب۔ب ج۔ج د۔اور اد ہے۔

- نیچے دیے ہوئے مستطیلوں کے نام لکھیے۔



سائیکل کے والوٹیوب سے ماچس کی تیلی یا جھاڑو کے تنکے کو جوڑ کر مثلث تیار کر سکتے ہیں۔


تین ٹکڑے والوٹیوب کے ذریعہ ایک مثلث تیار کیجیے۔



پہلے دیے گیے ا۔ب۔ج۔د مستطیل کے ضلعوں کی لمبائی کے ناپ والے چار عدد تنکے لے کر مستطیل تیار کیجیے۔




- چار عدد ماچس کی تیلیاں اور والوٹیوب سے جوڑ کر نیچے دی ہوئی شکل کے مطابق تیار کریں۔




اس کی شکل کو مربع کہا جاتا ہے۔


آئیں کاغذ کاٹ کر شکل تیار کریں:



- آپ اپنی کاپی سے مستطیل نما ایک ورق لیں۔
- تصویر میں دیئے ہوئے اسکے سب سے چھوٹے حصہ کو بڑے حصے کی طرف موڑ کر تہہ کریں۔




- کاغذ کے بڑے حصے کو قینچی کی مدد سے کاٹ لیں۔
- اب تہہ کیے ہوئے حصے کو کھول لیں۔



- آپ ایک مربع کی شکل (تصویر) پائیں گے۔
- اس مربع کو رنگ دیں۔

نیچے دی ہوئی دونوں تصویروں کو غور سے دیکھیں:








ا۔ب۔د۔ج کو کس شکل کی تصویر کہیں گے؟


ر۔ز۔س۔ط کو کس شکل کی تصویر کہیں گے؟

دونوں مربع اور مستطیل کے ضلعوں پر اسی ناپ کے تنکے سجائیں۔اور ہر ایک کی لمبائی میں کیا تعلق ہے انداز ہ کر کے لکھیں۔

مربع کے سبھی ضلعوں کی لمبائی برابر ہے۔
مستطیل کے مخالف ضلعوں کی لمبائی برابر ہے۔






مستطیل کے مخالف سمت کے کونوں کو جوڑا گیا ہے۔آپ بھی ان کونوں (زاویوں) کو نقطوں سے جوڑیں۔
اس کے ذریعہ دب۔اج۔بنتی ہے۔انہیں مستطیل کا کونا کہا جاتا ہے۔
آپ بھی اسی طرح کا مربع بنا کر ان کے کونوں کے نام لکھیں۔





● اب نیچے دیے ہوئے جدول میں سے صحیح جواب پر گول دائرہ کھینچیں۔


| | مربع | مستطیل |
|---|---|---|
| ضلعوں کی تعداد | ٦ ④ ٢ | ٢ ④ ٦ |
| کونا (زاویہ) کی تعداد | ۵ ۴ ٣ | ۵ ۴ ٣ |
| وتر کی تعداد | ۴ ٢ ١ | ۴ ٢ ١ |
| مخالف ضلعوں کی لمبائی | برابر مخلف | برابر مخلف |
| ہر ایک ضلع کی لمبائی | برابر مخلف | برابر مخلف |
| وتر کی لمبائی | برابر مخلف | برابر مخلف |


# مشق

1۔ مثلث کو  رنگ، مستطیل کو  رنگ، دائرے کو  کالا رنگ اور مربع کو پیلا  رنگ دیں۔













2۔ نیچے کی ہر ایک تصویر میں کتنے عدد مثلث ہیں انہیں گن کر لکھیں۔









3۔ نیچے دیے گیے نقشہ کو دیکھیے ۔ کاغذ کاٹ کر مختلف ناپ کے مثلث بنائیں اور انہیں گوند سے چپکائیں ۔ انہیں اس طرح سجائیں نیچے دیے ہوئے نقشہ کے مطابق ہوں۔




4۔ نیچے دی ہوئی تصویر کو دیکھیں اور اس کے کناروں کا جائزہ لیں ۔ پتنگ کے کنارے سیدھے ہیں لیکن پہیے کے کنارے سیدھے نہیں بلکہ ٹیڑھے ہیں۔




(i) اپنے چاروں طرف نظر آنے والی چیزوں میں سے کن کن چیزوں کے کنارے صرف سیدھے ہیں؟

(ii) صرف ٹیڑھے کنارے والی تین چیزوں کے نام لکھیے ۔





(iii)  ___ میری تصویر میں کس طرح کے کنارے ہیں۔

(iv) سیدھے کنارے والی چیزوں کے نام کہیں اور لکھیں۔

5۔ (i) ایک مستطیل کی شکل کا کاغذ لیں۔اس کے کتنے **بالائی زاویہ** کونے ہیں؟
اس کاغذ کو اس طرح تہہ کریں کہ اس کے تین زاویے بن جائیں۔
تم کس طرح تہہ کیے ساتھیوں کو بھی بتائیے۔


(ii) کاغذ کو کاٹ کر پانچ سیدھے کناروں والی ایک شکل تیار کریں۔اور اسے
اپنی کاپی میں چپکا دیں۔اس کے کتنے زاویے ہوں گے؟

6۔ مندرجہ ذیل خالی جگہوں کو پورا کریں:

| تصویر | تصویر کا نام | ضلعوں کی تعداد | زاویوں کی تعداد |
|---|---|---|---|
|  | مربع | | |
|  | | | |
|  | | | |
|  | | | |

7۔ جومیٹری ڈبیہ میں رہنے والا سیٹ اسکوئر استعمال کر کے کاپی پر مثلث بنائیے۔

## ٹیان گرام سے تصویر





اوپر دی ہوئی تصویر کو غور سے دیکھیں ۔ یہ ایک پانچ ٹکڑوں والا ٹیان گرام ہے ۔ ملک چین میں اسکو سب سے پہلے استعمال کر کے طرح طرح کی تصویریں (شکل) تیار کی جاتی تھیں ۔ آپ ایک مربع شکل والا کاغذ کا ٹکڑا لیں ۔ اس کو (اوپر کی تصویر کے مطابق) کاٹ کر پانچ ٹکڑے کریں ۔ ان سبھوں ۱، ۲، ۳، ۴، ۵ کا نام دیں ۔


ان پانچ ٹکڑوں میں سے کون سے دو ٹکڑے پوری طرح برابر ہیں؟

ان پانچ ٹکڑوں میں کتنے مثلث اور کتنے مربع ہیں؟

ان پانچ ٹکڑوں کو استعمال کر کے نیچے دی ہوئی تصویریں اپنی کاپی میں بنائیں ۔




پانچ ٹکڑوں پر مشتمل ٹیان گرام کی طرح آپ بھی سات ٹکڑوں پر مشتمل ٹیان گرام بنا سکتے ہیں۔




آپ ایک مربع نما کاغذ کا ٹکڑا لیکر تصویر میں دکھائی گئی شکل کی طرح کاٹ لیں۔ اس کو سات ٹکڑے کر کے ۱،۲،۳،۴،۵،۶،۷ نام دیں۔

ان سات (۷) ٹکڑوں میں کتنے مثلث ہیں؟

صرف مثلث کو استعمال کر کے نیچے دی ہوئی تصویر کو بنانے کی کوشش کریں۔




صرف ۲۔۳۔۵ نمبر کے ٹکڑوں کو استعمال کر کے مستطیل کی شکل بنائیں۔

۱۔۲۔۳۔۴ اور ۵ نمبر کے ٹکڑوں کو استعمال کر کے مربع تیار کریں۔ ٹیان گرام کے سات ٹکڑوں میں سے ضروری ٹکڑوں کو لیکر نیچے دی ہوئی تصویروں کی طرح خود بھی ویسی ہی تصویریں بنائیں۔



پہلے کے دیے ہوئے صفحے کی شکلوں کے علاوہ ٹیان گرام کے سات ٹکڑوں کو جوڑ کر دوسری قسم کی تصویریں (شکل) بنائیے۔

## نقطہ کی تصویر




کوراپوٹ ضلع کے جے پور شہر میں رادھیکا کا مکان ہے۔ وہ تیسری جماعت میں پڑھتی ہے۔ صبح اٹھ کر گھر آنگن کو رنگولی سے سجانا اس کا پسندیدہ کام ہے۔ رادھیکا کس طرح کا رنگولی سجاتی ہے غور سے دیکھیے۔




آپ نے اپنے گھر یا دوستوں کے گھروں میں اس طرح سے رنگولی سجانا دیکھا ہوگا۔

اسی طرح کی کچھ رنگولیاں اپنی کاپی میں بنائیے۔


نیچے دیے ہوئے نقطوں میں سے ایک گریڈ میں کتنی شکلیں بنائی گئی ہیں؟ انہیں غور سے دیکھیں۔ داہنی طرف دیے گیے نقطوں کے گریڈ میں ٹھیک اسی طرح کی شکلیں بنائیں۔






# مشق


1۔ نقطوں کے گریڈ کو استعمال کر کے دو طرح کی تصویریں بنائی گئی ہیں۔ آپ اسی طرح کی تین اور تصویریں بنائیں۔




2۔ نیچے دیے ہوئے نقطہ کے گریڈ کو استعمال کر کے اس میں مثلث، مربع اور مستطیل بنائیے۔




3۔ نیچے دیے ہوئے نقطہ گریڈ میں پنسل، گلاس، پیڑ اور مچھلی کی شکلیں بنائیے۔






4۔ مندرجہ ذیل دیے ہوئے نقطہ کے گریڈ سے مستطیل اور مربع کی شکلوں کو پورا کریں۔




5۔ مندرجہ ذیل کے نقطہ کے گریڈ میں آپ اپنے دل سے کسی دو طرح کی ڈیزائین تیار کیجیے۔




6SRHH9

سبق: 2

# چیزوں کی شکل کو پہچاننا



لیزا اور روزی اپنے والد کے ساتھ سرکس دیکھنے گیے۔ ٹکٹ کر کے کھیل دیکھا۔ سرکس میں ہاتھی گیند کھیل رہا تھا۔ گیند کی شکل گول ہے۔ گیند کی طرح دوسری گول چیزوں کے نام لکھیۓ۔



اسی طرح کی چیزوں کو کرّہ یا گولا کہتے ہیں۔

والد صاحب نے کہا بھالو نے دونوں ہاتھوں میں کیا کیا چیزیں پکڑ رکھی ہیں دیکھیں۔



اسی شکل کی چیز کو سیلینڈر کہتے ہیں۔

آپ ایسی شکل کی جن جن چیزوں کو دیکھتے ہیں اس کی فہرست بنائیں۔

## رول سلینڈر کی شکل کا ہوتا ہے۔

روزی اچانک بول اٹھی: ''ابو کتا کس طرح صندوق پر بیٹھ کر آئیس کریم کھا رہا ہے''۔

ابو بولے: ''کتا جس صندوق پر بیٹھا ہے اس کی شکل مکعب نما مستطیل ہے۔

صندوق کی طرح مکعب نما مستطیل چیزوں کی فہرست بنائیے۔



اس کی کتنی سمتیں ہیں دیکھ کر گنتی کریں۔

مکعب نما مستطیل کی چھ سمتیں ہوتی ہیں۔

والد: ''کبوتر کیا کر رہا ہے؟ دیکھو''۔

روزی: ''ابو، کبوتر لوڈو کھیل رہا ہے۔ کیا کبوتر ہماری طرح لوڈو کھیل سکتا ہے؟''

والد: ''ہاں کبوتر ہماری طرح لوڈو کھیل سکتا ہے۔ اس لوڈو کی گوٹی (مہرہ) کو دیکھیے۔''

مکعب نما مستطیل کی طرح اس کی لمبائی، چوڑائی اور اونچائی ہے۔ اس کے کناروں پر غور کریئے۔

کیا نظر آیا بتایئے۔


روزی: ''اس کی لمبائی، چوڑائی اور اونچائی برابر ہے۔''

والد: ''ہاں تم ٹھیک کہہ رہی ہو۔''

جن چیزوں کے کنارے برابر ہوتے ہیں اس کو مکعب کہا جاتا ہے۔

لیزا: ''اچھا! تب تو لوڈو کی گوٹی ایک مکعب ہے۔

آپ چند مکعب چیزوں کے نام لکھیے۔



والد: ''ادھر دیکھو! ایک اور جوکر ہاتھی کے پاس جا کر اسے سونڈ اوپر اٹھانے کی ہدایت دے رہا ہے۔

روزی: ''ابّو اس نے کیسی لمبی ٹوپی پہن رکھی ہے۔''

والد: ''ہاں وہ ٹوپی نیچے کی طرف گول ہے اوپر نوکیلی ہوگئی ہے۔''

لیزا: ''اس طرح کی چیزوں کو کیا کہا جاتا ہے؟


والد: ''اس طرح کی چیزوں کو کون کہتے ہیں۔



آپ چند کون کی مثال دیں۔

## مشق


1۔ نیچے دی گئی شکلوں کے نام لکھیے۔


______


______



______


______


______


______


______


______

2۔ گول شکل والی پانچ اور مکعب نما شکل والی پانچ چیزوں کے نام لکھیے


| | |
|---|---|
| ۱۔ ________ | ۱۔ ________ |
| ۲۔ ________ | ۲۔ ________ |
| ۳۔ ________ | ۳۔ ________ |
| ۴۔ ________ | ۴۔ ________ |
| ۵۔ ________ | ۵۔ ________ |

3۔ مندرجہ ذیل چیزوں کی شکل کیسی ہے؟ دائیں طرف کی خالی جگہوں میں لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بیٹری | | تربوز | |
| سنترا | | اینٹ | |
| پنسل | | رول چھڑی | |
| موم بتی | | گاجر | |
| کتاب | | کرکیٹ کا گیند | |

4۔ کاغذ سے سیلنڈر اور کون کی شکلیں بنائیے۔

5۔ ماچس کی تیلی اور سائیکل کا والوٹیوب کو استعمال کر کے نقشہ میں دی گئی شکلوں کو بنائیے۔




(اسی طرح تیلی اور سائیکل والوٹیوب/دھاگا استعمال کر کے مختلف
شکلیں بنائی جاسکتی ہیں۔آپ کتنی شکلیں بنا سکتے ہیں)


## فرش کی سجاوٹ کا منصوبہ (ڈیزائین)




اوپر دی گئی ٹائیل کی شکل دیکھیے ۔ یہ دو ٹائیلیں کس طرح جوڑی جا سکتی ہیں ۔ اس پر غور کریں ۔ اسی طرح ٹائل کو جوڑ کر فرش کو سجانے کا ایک منصوبہ یہاں دیکھ سکتے ہیں ۔



یکساں شکل والی ٹائیلوں کو اس طرح سجایا گیا ہے کہ ٹائیلوں کے درمیان خلا نہیں ہے اور ٹائیل سجانے کا یہ طریقہ بہت ہی خوب صورت ہے ۔







آپ نے کہاں فرش پر ٹائیل کی سجاوٹ دیکھی ہے؟ لکھیں ۔

---

## مشق

1 ۔ یہ سب یکساں شکل والی مکعب نما ٹائیل ہیں ۔







اسی مکعب نما ٹائیل کو استعمال کر کے فرش کی سجاوٹ کا ایک ڈیزائین پیش ہے ۔

اسی ٹائیل سے اور کس کس طرح کی ڈیزائین بنا سکتے ہیں ۔ اپنی کاپی میں بنائیے ۔


2۔ فرش کی ادھوری سجاوٹ کو پورا کیجیے۔




3۔ فرش کے کچھ حصے میں ٹائیل بچھی ہے۔خالی حصے کو پورا کیجیے۔



4۔  اسی شکل کی ٹائیل سے نیچے کے ڈیزائن کی دو تصویریں دی گئی ہیں۔رنگ کے ذریعہ ایک زینہ کی طرح دکھائی دیتا ہے۔ جبکہ دوسرا پھول کی طرح دکھائی دیتا ہے۔




● نیچے ایک ڈیزائین کی دو تصویریں درج ہیں۔ مختلف رنگوں کا استعمال کر کے اپنی پسند کا ایک ڈیزائین بنائیں۔



5۔ آپ خود ایک ٹائیل کی شکل بنائیں۔ اسی شکل کی تصویر کو اس طرح سجائیں کہ یہ ایک دیوار کا ڈیزائین یا پوشاک کا ڈیزائین بن جائیں۔

## نقشہ کی بناوٹ:

نیچے ایک گاؤں کا نقشہ دیا گیا ہے۔ نقشہ دیکھ کر گاؤں میں کیا کیا ہے بتایئے۔



تصویر دیکھ کر نیچے دیے گیے سوالوں کے جواب لکھیۓ۔

1۔ (i) گاؤں میں کون کون سی چیزیں آپ دیکھ رہے ہیں؟

(ii) مندر کے کس جانب پرائمیری اسکول ہے؟

(iii) مندر سے نکل کر اتر کی جانب جانے سے کیا دیکھنے کو ملے گا؟

(iv) مندر سے ہائی اسکول اگر جانا ہو تو پہلے اتر کی طرف جا کر اس کے بعد کس طرف جانا ہوگا؟

(v) مندر سے مینا پچھم کی طرف اور سونو دکھن کی طرف چلنے لگے، گاؤں کی گرام پنچایت تک پہنچنے کے لیے کسے زیادہ راستہ چلنا پڑے گا؟

(vii) مندر سے نکل کر ۳۰ ر میٹر دکھن کی طرف جانے کے بعد ۶۰ ر میٹر پورب کی طرف جائیں تو راستے کی بائیں طرف کیا چیز نظر آیے گی؟

(viii) ہسپتال سے کس طرف جانے پر گاؤں کا ہاٹ ملے گا؟

(ix) سکینہ ہائی اسکول سے نکل کر پہلے دکھن کی طرف جاتی ہے اس کے بعد پورب کی طرف جانے پر وہ کس جگہ پہنچے گی؟

(x) تالاب سے غسل کرنے کے بعد نرہری بابو کو مندر کے ٹھاکر کا درشن کرنے کے لیے کس طرف جانا ہوگا اور اس کے بعد کس طرف مڑنا ہوگا؟

2۔ اپنے اسکول کے کلاس روم، آفس، باورچی خانہ، جھنڈا، پانی کا نل اور باغیچہ کی نشاندہی کرتے ہوئے ایک نقشہ بنائیے۔


سبق 3:

# چلو ہم گنیں



6T1DIW

بندر ناریل کا بستہ گاڑی سے لے کر گودام میں سلیقے سے رکھ رہا تھا۔ مالک بھالو نگرانی کر رہا تھا۔ بوڑھا بندر تھر تھر کانپتے ہوئے بستہ اٹھاتے وقت سر سے ناریل کا بستہ گر گیا اور ناریل پھٹ گیے۔ بستے کے سبھی ناریل بکھر گیے۔ بھالو نے بندر کو آرام کرنے کو کہا۔ اس کے بعد دوسرے بندروں سے کہا'' ہر ایک بستہ میں 100 ناریل ہیں۔ آپ لوگ ایک ایک کر کے ناریل کا بستہ سر پر اٹھا لیں اور ہاتھ میں جتنا ہو سکے (۱۔۲۔۳) سے زیادہ ناریل لے کر گودام میں سلیقے سے رکھ دیں۔ اپنے اپنے ناریل کی تعداد گن لیں۔ اسی کے مطابق پیسے ملیں گے۔ سبھی بندروں نے بلا تاخیر ناریل اٹھانا شروع کیا اور اپنے اپنے ناریلوں کی تعداد کا حساب کرنے لگے۔





۵

ایک سو پانچ = ۱۰۵




۱۰

ایک سو دس = ۱۱۰


## مشق

1۔ جس طرح

 = ۲۰۰

 = ۳۰۰

(i) اسی طرح ذیل (ہر ایک قطار) میں کل کتنی مٹھائیاں ہیں بتائیں اور لکھیں۔

 =

 =


 =

 =


(ii) ہر قطار میں کتنے پھل ہیں گن کر لکھیے ۔





=




=





=




=

(iii) مندرجہ ذیل تصویروں میں کتنے کانٹے ہیں گن کر لکھیے ۔




=

2۔ (i) آؤ خالی جگہوں کو پر کریں:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۱۰ | ۱۰۹ | ۱۰۸ | ۱۰۷ | ۱۰۶ | ۱۰۵ | ۱۰۴ | ۱۰۳ | ۱۰۲ | ۱۰۱ |
| | | | | | | | ۱۱۳ | | ۱۱۱ |
| | | | | | | ۱۲۴ | | | ۱۲۱ |
| | | | | | ۱۳۵ | | | | |
| | | | | ۱۴۶ | | | | | ۱۴۱ |
| | | | ۱۵۷ | | | | | | |
| | | ۱۶۸ | | | | | | | |
| | ۱۷۹ | | | | | | | | ۱۷۱ |
| ۱۹۰ | | | | | | | | | |
| ۲۰۰ | | | | | | | | | ۱۹۱ |

(ii) نیچے کس طرح عددوں کو قطار میں لکھا گیا ہے غور کریں اور ترتیب وار ان عددوں کو لکھیں۔

| | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۳۲۰ | ۳۱۹ | ۳۱۸ | ۳۱۷ | ۳۱۶ | ۳۱۵ | ۳۱۴ | ۳۱۳ | ۳۱۲ | ۳۱۱ | ۳۱۰ |
| ..... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | ۴۲۰ |
| ..... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | ۶۴۰ |
| ..... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | ۹۷۰ |
| ..... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | ۶۹۰ |

3۔(i) مندرجہ ذیل خالی خانوں کو پر کیجیے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | | ۴۰۲ | ۴۰۱ |
| | | | | | | | | | ۴۱۱ |
| | | | | | | | | | ۴۲۱ |
| | | | | | | | | | ۴۳۱ |
| | | | | | | | | | ۴۴۱ |
| | | | | | | | | | ۴۵۱ |
| | | | | | | | | | ۴۶۱ |
| | | | | | | | | | ۴۷۱ |
| | | | | | | | | | ۴۸۱ |
| ۵۰۰ | | | | | | | | | ۴۹۱ |

(ii) نمبر (i)3 میں لکھے ہوئے اعداد کو نظر میں رکھتے ہوئے نیچے دی ہوئی خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

۴۰۲، ۴۰۴، ۴۰۶، ............، ............، ............

۴۲۱، ۴۲۴، ۴۲۷، ............، ............، ............

۴۱۰، ۴۱۵، ۴۲۰، ............، ............، ............

۴۱۰، ۴۲۰، ۴۳۰، ............، ............، ............

۴۲۳، ۴۳۳، ۴۴۳، ............، ............، ............

4-(i) آؤ ۱۰/ زیادہ بڑھا کر لکھیں:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱۰ | ۱۱۰ | ۳۱۰ | ..... | ۱۱۸ |
| ۲۰ | ۱۲۰ | ..... | ۵۲۰ | ..... |
| ۳۰ | ..... | ..... | ..... | ..... |
| ..... | ..... | ..... | ..... | ..... |
| ..... | ..... | ..... | ..... | ..... |
| ..... | ..... | ..... | ..... | ..... |
| ..... | ..... | ..... | ..... | ..... |
| ..... | ..... | ..... | ..... | ..... |
| ..... | ..... | ..... | ..... | ..... |
| ۱۰۰ | ۲۰۰ | ۴۰۰ | ۶۰۰ | ۲۰۸ |

(ii) آیئے اسی طرح ۵۰/ زیادہ کر کے گنیں اور لکھیں۔

۲۰۰، ۲۵۰، .......، ........، .......، ........؛

۳۰۰، .......، .......، ........، .......، ........؛

۶۵۰، ......، .......، ........، .......، ........؛

(iii) نیچے دیے گیے اعداد سے ۱۰۰/ زیادہ کر کے پانچ اور اعداد لکھیں۔

۱۰۰، ......، ......، ......، ......، ........؛

۳۲۰، ......، ......، ......، ......، ........؛

۳۵۰، ......، ......، ......، ......، ........؛

۲۲۵، ......، ......، ......، ......، ........؛

۳۲۸، ......، ......، ......، ......، ........؛

5۔ ہندسوں میں لکھے اعداد کو لفظوں میں لکھتے ہوئے اعداد کے ساتھ تیر کے نشان سے پہچان کرائیے۔

| | |
|---|---|
| ۱۰۲ | چھ سو بیس |
| ۱۲۳ | ایک سو دو |
| ۱۳۲ | ایک سو بتیس |
| ۳۲۱ | تین سو نواسی |
| ۶۲۰ | ایک سو تیئس |
| ۳۸۹ | چار سو اٹھانوے |
| ۴۹۸ | تین سو اکیس |

6۔ نیچے دیے گیے اعداد کو لفظوں میں لکھیے:

(i) ۳۲۵ ....................................................


(ii) ۴۰۷ ....................................................

(iii) ۶۶۹ ....................................................

(iv) ۴۶۰ ....................................................

(v) ۸۸۸ ....................................................

7۔ کس انڈے سے کون سا چوزا نکلا اسے لکیر کھینچ کر جوڑیے۔




| | | |
|---|---|---|
| ٣ | ٢ | ١ |
| ٤ | ٠ | ٨ |
| ٣ | ٦ | ٧ |

8۔ (i) اس ٹیبل سے تین ہندسے استعمال کر کے تین ہندسے کا عدد بنائیے۔ دیکھیے کون سب سے زیادہ عدد تیار کر سکتا ہے۔ جیسے ١٨٥، ٢٨٧

(ii) اس ٹیبل کے ہندسوں کو استعمال کر کے ٣٠٠ سے ٥٠٠ تک کے اعداد بنائیے۔ اس طرح کے کتنے اعداد بنے بتائیے۔ ان میں سب سے بڑے اور سب سے چھوٹے عدد کو لکھیے۔

(iii) اس ٹیبل میں جڑے جڑے تین ہندسوں والے الگ الگ اعداد بنائیے۔ اور دیکھیے کون زیادہ بناتا ہے۔ جیسے ٨٧١، ١٠٥، ........


9۔ تین ہندسوں پر مشتمل اعداد بنائیے۔ جن اعداد کے ہندسوں کی جمع ٥ ہونی چاہیے۔ آپ اسی طرح کے کتنے اعداد بنا سکتے ہیں؟

جیسے ٣١١ (ان ہندسوں کی جمع = ٣+١+١ = ٥) اپنے بنائے ہوئے اعداد کو اپنی کاپی پر لکھیے۔

☆☆☆

سبق:4

# آیئے ہم کھیلیں






آیئے اس لکیر پر قطار ہو کر کھڑے ہو جائیں۔

ایک کے بعد ایک ۹/عدد کانچ کی گولیاں دایرے کے اندر ڈالیں۔

پہلے دائرے میں گرنے والی گولی کی قیمت ۱۰۰/روپے ہے۔

اس کے قریب دوسرے دائرے میں گرنے والی ہر گولی کی قیمت ۱۰/روپے ہے۔

باہر والے تیسرے دائرے میں گرنے والی گولی کی قیمت ایک روپے ہے۔

پہلے ریما نے ۹/عدد گولیاں ڈالیں۔

تصویر دیکھ کر بتائیں کہ کس دائرے میں کتنی گولیاں پڑیں؟

| | | |
|---|---|---|
| پہلا دائرہ | | ۳ گولی=۳/سیکڑا=۳۰۰ |
| دوسرا دائرہ | | ا گولی=ا/دہائی=۱۰ |
| تیسرا دائرہ | | ۴ گولی ۴/اکائی=۴ |

۳ سیکڑا+ا/دہائی+۴ اکائی=۳۰۰+۱۰+۴=۳۱۴

آپ بھی اسی طرح کھیلیں اور ہر بچہ گولی گرانے کے بعد کون سا عدد ملا، ذیل کے جدول میں لکھیے۔


| نام | پہلا دائرہ | دوسرا دائرہ | تیسرا دائرہ | عدد |
|---|---|---|---|---|
| ریما | ۳ | ا | ۴ | ۳۱۴ |
| | | | | |

● ایک گلہری گن رہی تھی۔ اس کی گنتی کا طریقہ دیکھیں۔




چوہا ایک سیب کے لیے ۱ تصویری کارڈ رکھتا ہے۔

اسی طرح ۲ سیب کے لیے ۱ ۱ تصویری کارڈ استعمال ہوگا۔




۱۰ عدد سیب ہونے پر ہر دس سیب کے لیے ۱۰ تصویری کارڈ رکھتا ہے۔

۱۰ عدد سیب = ۱۰

۲۰ عدد سیب = ۱۰ ۱۰


۶۰ عدد سیب اور ۹۰ عدد سیب کو تصویری کارڈ کے ذریعہ دکھائیے۔

۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰ ۱۰ = ۱۰۰

چوہا ۱۰۰ سیب کے لیے ۱۰۰ تصویری کارڈ استعمال کرتا تھا

اب بتائیے، گلہری کے رکھے ہوئے سیب کو چوہا کس طرح تصویری کارڈ کے ذریعہ لکھے گا۔

● ہر ٹوکری میں رکھے گئے آم کی تعداد بتاتے ہوئے اس کارڈ کو ٹوکری میں لٹکا دیا گیا ہے۔
کس ٹوکری میں کتنے آم ہیں لکھیے۔



# مشق

1۔ مندرجہ ذیل دیے گیے خالی خانوں کو پر کیجیے۔

۹۰۲ = ____ سیکڑا + ____ دہائی + ____ اکائی

۵۷۲ = ____ سیکڑا + ____ دہائی + ____ اکائی

۶۱۰ = ____ سیکڑا + ____ دہائی + ____ اکائی

۸۹ = ____ سیکڑا + ____ دہائی + ____ اکائی

۸۸۸ = ____ سیکڑا + ____ دہائی + ____ اکائی

۳۲۷ = ____ سیکڑا + ____ دہائی + ____ اکائی

2۔ دھیان دیجیے:

۶۲۵ = ۶ سیکڑا + ۲ دہائی + ۵ اکائی

۶۲۵ = ۶۰۰ + ۲۰ + ۵

آیئے نیچے کی خالی جگہوں کو پر کریں:

۶۲۵ = ۶۰۰ + ۲۰ + ۵

۴۲۷ = ____ + ۲۰ + ____


۶۰۳ = ۶۰۰ + ____ + ____


۵۲۰ = ____ + ۲۰ + ____

۳۷۷ = ۳۰۰ + ____ + ۷


۳۰۰ = ____ + ____ + ____

3۔ خالی جگہوں میں عدد لکھیں۔ جس طرح:





4۔ نیچے اعداد درج ہیں۔ کس خانہ میں کتنی گولیاں رہیں گی تصویر بنا کر دکھایئے۔




5۔ جواب لکھیے:

۳۱۴؍ میں ۱؍کی مقامی قیمت = ۱۰

۲۳۵؍ میں ۵؍کی مقامی قیمت = ☐

۴۴۷؍ میں ۷؍کی مقامی قیمت = ☐

۲۱۰؍ میں ۲؍کی مقامی قیمت = ☐

۴۰۷؍ میں ۰؍کی مقامی قیمت = ☐

۸۴۸؍ میں ۴؍کی مقامی قیمت = ☐

سبق: 5

# اگلے پچھلے کی پہچان



72A1EP

ایک دن جنگل میں جانوروں نے میٹنگ کی۔ان کے اندر فکر پیدا ہوئی کہ انسان دن بدن جنگل کاٹ کر تباہ کر رہا ہے۔اگر جنگل ختم ہو جایے تو ہم لوگ کہاں رہیں گے۔اور کیا کھائیں گے؟ لومڑی کھڑی ہو کر بولی ''ہم پیڑ لگائیں گے اور جنگل کی رکھوالی کریں گے۔'' سبھوں نے طے کیا کہ نرسری سے پودا لیں گے۔ سارس (بگلا) نرسری میں پودے تقسیم کر رہا تھا۔ ہر کوئی پہلے پودا لینے کے لیے ضد کر رہا تھا۔اتنے جانوروں کو ایک ساتھ پودا کس طرح تقسیم کیا جایے؟ سارس نے ہر ایک کو عددی کارڈ دیا۔اسی نمبر کے مطابق سب کوئی قطار بنا کر آئیں۔



(i) قطار میں سب سے آگے جو ہے اس کا نمبر کتنا ہے؟

(ii) اس کے بعد کون سا نمبر ہے؟

(iii) ۱۱۰ر کے بعد والا نمبر کتنا ہے؟

(iv) ۱۱۴ر کا پہلے والا نمبر کتنا ہے؟

(v) ۱۱۰ر اور ۱۱۴ر کے درمیان کون کون سا نمبر ہے؟

**اساتذہ کے لیے ہدایت:**

استاد تین ہندسوں پر مشتمل عددی کارڈ تیار کریں گے۔

اس کو استعمال کر کے پہلا، درمیانی اور بعد والے عدد کی معلومات فراہم کریں گے۔

# مشق

1۔ درمیانی خانہ میں دیے گیے عددوں کے پہلے والے عدد اور بعد والے عدد لکھیے۔

| پہلے والا عدد | عدد | بعد والا عدد |
|---|---|---|
| ۱۱۰ | ۱۱۱ | ۱۱۲ |
| ۱۰۰ | ۱۰۱ | |
| | ۲۳۹ | |
| | ۳۳۰ | |
| | ۴۰۰ | |
| | ۵۹۹ | |
| | ۶۶۹ | |

2۔ خالی جگہوں کو پُر کیجیے

(i) ۱۰۱، ۱۰۲، ......، ......، ......

(ii) ۲۰۹، ......، ۲۱۱، ......، ......

(iii) ......، ۳۴۰، ......، ......، ۳۴۳

(iv) ......، ......، ......، ......، ۵۰۵

3۔

(i) ۶۰۸، ......، ......، ......، ۶۱۲

(ii) ۸۸۸، ......، ......، ......، ۸۹۲

(iii) ۲۹۷، ......، ......، ......، ۳۰۱

(iv) ۱۰۱، ......، ......، ......، ۱۰۵

**4۔ نیچے لکھے ہوئے اعداد کو چھوٹے سے بڑا اور بڑے سے چھوٹے کی ترتیب میں سجائیے۔**

| چھوٹے سے بڑا | | بڑے سے چھوٹا | |
|---|---|---|---|
| (i) | ۳۰۵، ۳۰۱، ۳۰۳، ۳۰۲، ۳۰۴ | (i) | ۴۶۸، ۴۶۵، ۴۶۴، ۴۶۷، ۴۶۶ |
| (ii) | ۶۹۹، ۷۰۱، ۷۰۳، ۷۰۲، ۷۰۰ | (ii) | ۵۹۱، ۵۹۳، ۵۹۵، ۵۹۲، ۵۹۴ |
| (iii) | ۲۹۴، ۲۹۲، ۲۹۳، ۲۹۱، ۲۹۵ | (iii) | ۷۰۷، ۷۰۹، ۷۱۰، ۷۰۸، ۷۱۱ |


5۔ راغب، ریتا، آمنہ اور جوزف تاش کا پتہ سجا رہے تھے۔ انھیں قریب قریب تین عددوں والا ایک سیٹ بنانا تھا۔ ہر ایک کے پاس چھ عدد تاش کے پتے تھے۔ چھ (۶) عدد تاش کو لے کر دو (۲) سیٹ تیار کرنا تھا۔ ہر لڑکے کا دونوں سیٹ کا درمیانی عدد دوسرے کے پاس رہ گیا ہے۔ تصویر کو دیکھ کر لکھیں کہ کون کیا کیا تاش پایے گا اور کون سا تاش کس کو دیا جایے گا




۲۱۹ ۲۹۱
۲۸۴ ۲۲۱
۲۵۲ ۲۸۶




۲۱۱ ۲۰۷
۲۷۴ ۲۷۲
۲۱۳ ۲۶۹






۲۹۰ ۲۶۸
۲۱۲ ۲۹۲
۲۷۰ ۲۲۰




۲۰۶ ۲۸۵
۲۷۳ ۲۵۱
۲۰۸ ۲۵۳




**اب مندرجہ ذیل کے جدول میں خالی جگہوں کو پر کیجیے۔**

| بچوں کا نام | کون کون سا عدد پایے ہیں | کس کو کون سا عدد دیں گے | کس کے پاس سے کون سا عدد لیں گے |
|---|---|---|---|
| جوزف | ۲۰۶، ۲۷۳، ۲۰۸، ۲۸۵، ۲۵۱، ۲۵۳ | | |
| ریتا | | | |
| آمنہ | | | |
| راغب | | | |

سبق:6

# جفت اور طاق عدد پہچانیں گے

نیچے کی قطار میں دی گئی تصویروں کو گن کر دائیں طرف کی خالی جگہوں میں لکھیے۔

| | |
|---|---|
| ۴ |  |
| ۵ |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |

اوپر دی گئی تصویر کی ہر قطار میں دو، دو تصویروں کے چاروں طرف گھیرا بندی کریں۔گھیرا بندی کرنے کے بعد اگر کوئی تصویر باقی بچتی ہے تو ان تصویروں کی داہنی طرف کے ہندسے پر گھیرا ڈالیں۔

یہ کام کرتے ہی کن کن ہندسوں میں گھیرا ڈالا گیا ہے اور کن کن میں گھیرا نہیں ڈالا گیا ہے۔ نیچے دیے گئے جدول میں لکھیے۔

| گھیرا بندی کیے جانے والے ہندسے | گھیرا بندی نہیں کیے جانے والے ہندسے |
|---|---|
| | |

جن ہندسوں کے چاروں طرف گھیرا دیا گیا ہے۔ وہ ہندسے جوڑا عدد یا جفت عدد کہلاتے ہیں۔

جن ہندسوں کے چاروں طرف گھیرا نہیں دیا گیا ہے۔ ان کو بے جوڑ عدد یا طاق عدد کہتے ہیں۔

- نیچے ہر ایک قطار میں لکھے عدد کے مطابق ہر قطار میں گیند کا نقشہ بنائیے۔ دو دو عدد گیندوں کو خانہ میں رکھیے۔ عدد جفت ہے یا طاق اسے لکھیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ |  | جفت |
| ۱۳ |  | طاق |
| ۱۴ | | |
| ۱۵ | | |
| ۱۲ | | |
| ۱۶ | | |
| ۱۷ | | |
| ۹ | | |
| ۱۸ | | |

جدول کے دائیں طرف دیے گیے عددوں کے درمیان کون کون جفت عدد ہیں کیا آپ جان سکے؟ اور کون کون عدد طاق ہیں؟ کیا اس کی پہچان ہوئی؟

اب بتائیے جفت اور طاق عدد کسے کہا جاتا ہے؟

- جفت عددوں کے خانوں میں رنگ بھریے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ |
| ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ |
| ۳۱ | ۳۲ | ۳۳ | ۳۴ | ۳۵ | ۳۶ | ۳۷ | ۳۸ | ۳۹ | ۴۰ |

● نیچے دیے گیے سوالوں کے جواب دیجیے:

(i) آس پاس کے دو جفت عدد کے درمیان فرق کتنا ہے؟

(ii) دو عددوں کے آس پاس طاق عددوں کے درمیان فرق کتنا ہے؟

(iii) جفت عدد کی اکائی کے خانہ میں کون کون سے ہندسے ہوتے ہیں مشاہدہ کیجیے۔

(iv) طاق عدد کی اکائی کے خانہ میں کون کون سے ہندسے ہوتے ہیں مشاہدہ کیجیے۔



کسی بھی عدد کی اکائی کے خانے کو دیکھ کر جان سکتے ہیں کہ یہ جفت عدد ہے یا طاق عدد ہے۔
جس عدد کی اکائی کے خانے میں ۰، ۲، ۴، ۶، ۸ ہو اسے جفت عدد کہتے ہیں۔

● جانچ کر کے دیکھیے:

(i) کیا جس کی بھی دو جفت عدد کا حاصل جمع جفت عدد یا طاق عدد ہوگا؟

(ii) دو طاق عدد کا حاصل جمع کس طرح کا عدد ہوگا لکھیے۔

(iii) ایک جفت عدد میں ایک طاق عدد کو جمع کرنے سے حاصل جمع جفت عدد ہوگا یا طاق عدد؟

● نیچے دیے سوالوں کے جواب لکھیے:

(i) ۵۰/ سے زیادہ اور ۷۰ سے کم ہونے والے ۵/ جفت عدد لکھیے؟


(ii) تین ہندسوں پر مشتمل دو طاق عدد لکھیے ہر عدد کی دہائی کے خانے میں ۵/ ہونا چاہیے۔

(iii) تین ہندسوں پر مشتمل جفت عدد لکھیے اس طرح کہ ہر عدد کے ہندسوں کا حاصل جمع ۷ ہوگا؟



# مشق

1۔ تصویروں کو گن کر خالی خانے میں لکھیے اور یہ بتائیے کہ کون جفت عدد ہیں اور کون طاق عدد؟



| | |
|---|---|
| ۴ | جفت |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |


2۔ جفت عدد کے چاروں طرف گھیرا کیجیے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶ | ۱۴ | ۳۰ | ۱۶۷ | ۴۰۴ | ۲۲۸ |
| ۳ | ۵۴ | ۵۹ | ۲۰۸ | ۵۷۶ | ۴۱۱ |
| ۵۶ | ۳۴ | ۱۰۴ | ۷۱ | ۳۱۵ | ۴۳۸ |
| ۱۰۸ | ۵۲۴ | ۳۵۵ | ۷۵۰ | ۵۲ | ۹۹۹ |

3۔ طاق عدد کے چاروں طرف گھیرا کیجیے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۷ | ۴۷ | ۷۶ | ۲۴۲ | ۸۳ | ۴۰۷ |
| ۸ | ۷۸ | ۸۵ | ۱۳۸ | ۱۴۵ | ۳۵۱ |
| ۴۳ | ۵۴ | ۷۹ | ۱۰۵ | ۲۱۵ | ۶۱۹ |
| ۸۱ | ۲۶۳ | ۶۲۵ | ۹۷۰ | ۶۴۷ | ۲۳۴ |

4۔ جفت عدد کے ساتھ جفت عدد اور طاق عدد کے ساتھ طاق عدد کو سلسلے وار جوڑ کر تصویر بنایئے۔



5۔ (i) ۲۵ میں کم سے کم.......... تفریق کرنے پر جفت عدد ہوگا۔

(ii) ۹ میں کم سے کم.......... جمع کرنے پر طاق عدد ہوگا۔

6۔ اس ٹیبل کے ہندسوں سے عدد تیار کر کے نیچے لکھے سبھی اعداد، دو ہندسوں اور تین ہندسوں کے ہو سکتے ہیں۔ جفت عدد پر گھیرا کریں اور یہ دیکھیں کہ کون کتنا زیادہ جفت عدد پا سکتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۲ | ۳ |
| ۵ | ۰ | ۴ |
| ۶ | ۷ | ۹ |

............ ............ ............ ............ ............

............ ............ ............ ............ ............


7۔ △ کے درمیان طاق ہندسہ اور □ کے درمیان جفت ہندسہ لکھا جایے گا۔

۱۸ □ = △ + □ + △

△ اور □ درمیان آپ کون کون سے ہندسے لکھ کر حاصل جمع ۱۸ پا سکتے ہیں۔

سبق: 7

# مقام پہچانیں گے



پہلا دوسرا تیسرا چوتھا پانچواں چھٹا ساتواں آٹھواں نواں دسواں

اوپر دی گئی تصویروں کا مشاہدہ کریں۔ قطار میں کھڑے لوگ کیا کر رہے ہیں؟

قطار میں بیگ پکڑے کھڑی عورت کا مقام اوّل ہے۔

اسی طرح: یہ لوگ کس کس مقام پر ہیں نقشہ دیکھ کر لکھیں۔

- ایک گنجا آدمی ..............................
- پنجابی (جس کے سر پر پگڑی ہے) آدمی ..............................
- رُدراکھیا مالا پہنا ہوا آدمی ..............................
- لمبی داڑھی والا اور ہاتھ میں بیگ پکڑا ہوا آدمی ..............................
- جوڑے میں پھول لگائے ایک آدی باسی عورت ..............................
- آدی باسی عورت کے پیچھے موجود آدمی ..............................
- ٹوپی پہنا ہوا آدمی ..............................
- چشمہ پہنی ہوئی عورت ..............................
- لاٹھی پکڑ کر چلنے والی بوڑھی عورت ..............................
- عورتیں قطار کے کس کس مقام میں ہیں ..............................

- انگریزی کے بارہ مہینوں کے نام:

جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر، نومبر، دسمبر

انگریزی کا چوتھا ماہ اپریل ہے۔ اسی طرح اگست سال کا آٹھواں مہینہ ہے۔

72SSHZ


- ہفتہ کے سات دنوں کا نام:

پیر، منگل، بدھ، جمعرات، جمعہ، سنیچر، اتوار

ہفتہ کا پہلا دن پیر ہے۔ اسی طرح سنیچر ہفتہ کا چھٹا دن ہے۔

پہلا، دوسرا، تیسرا، چوتھا، وغیرہ کو مکمل عدد کہتے ہیں۔

ہر مکمل عدد ایک ایک مقام یا خاص مقام پہ موجود فرد یا چیز کو سمجھا جاتا ہے۔




## مشق

1۔ لکھیے: ہفتہ کے دوسرے دن کا نام۔ ..........................

جمعرات، ہفتہ کا کون سا دن ہے؟ ..........................

اتوار، ہفتہ کا کون سا دن ہے؟ ..........................

سال کے چوتھے مہینہ کا نام کیا ہے؟ ..........................

جون سال کا کون سا مہینہ ہے؟ ..........................

2۔ جون ۲۰۰۹ء

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اتوار | | ۷ | ۱۴ | ۲۱ | ۲۸ |
| پیر | ۱ | ۸ | ۱۵ | ۲۲ | ۲۹ |
| منگل | ۲ | ۹ | ۱۶ | ۲۳ | ۳۰ |
| بدھ | ۳ | ۱۰ | ۱۷ | ۲۴ | |
| جمعرات | ۴ | ۱۱ | ۱۸ | ۲۵ | |
| جمعہ | ۵ | ۱۲ | ۱۹ | ۲۶ | |
| سنیچر | ۶ | ۱۳ | ۲۰ | ۲۷ | |

**اوپر درج کلینڈر دیکھ کر کہیے اور لکھیے:**

(i) اس مہینے میں کتنے اتوار ہیں؟ ..................

(ii) مہینے کے تیسرے اتوار کی تاریخ کیا ہے؟ ..................


(iii) مہینے کے پہلے اتوار کی تاریخ کیا ہے؟ ..................

(iv) مہینے کے چوتھے پیر کی تاریخ کیا ہے؟ ..................

## 3۔ آؤ مل جل کر گائیں:

چھک چھک کرتی ریل گاڑی آئے گی
وہ رکتے ہی سب اس میں بیٹھیں گے
بھاگم بھاگ سب جلدی اندر جائیں گے
سیٹ پر اپنی بیٹھیں گے

نیولا، گلہری، چوہا، جھٹ پٹ اٹھیں گے
چیتا، بھال، ہاتھی، گدھا اپنی باتیں سمجھیں گے
آئی آئی ریل گاڑی سیٹی بجاتی آئی
سب کو بٹھا کے اپنے اندر منزل پہ پہنچائی



تصویر دیکھ کر کہیے:

۱۔ کوّا ریل گاڑی کے کس ڈبے پر بیٹھا ہے؟

۲۔ نیولا کس ڈبّے پر ہے؟

۳۔ بارہویں ڈبے پر کون بیٹھا ہے؟

۴۔ چیتا کس ڈبہ پر بیٹھا ہے؟


۵۔ پندرہواں ڈبے کے بعد کون سا ڈبہ ہے؟

۶۔ بھالو جس ڈبے پر بیٹھا ہے اس کے پہلے والا ڈبہ کون سا ہے؟

۷۔ چیتا اور بگلا جس ڈبے پر بیٹھے ہیں اس کے درمیان کون کون سے ڈبے ہیں؟

**استاد کے لیے ہدایت:** گیارہویں سے بیسویں تک مکمل عدد کے متعلق جانکاری کے لیے استاد اسی طرح کے مختلف سوالات تیار کر کے بچوں سے پوچھیں۔

4۔ تصویر میں سرکس کا کھیل دیکھیے :



چیتا پہلا مقام پر ہے۔

دوسرے جانور اور پرندے کون کس مقام پر ہیں کہیے۔

5۔ ایک گھر کی دیوار میں سولہ عدد طاق ہیں ۔کس طاق میں کیا چیز ہے اس کے نیچے لکھ دیا گیا ہے۔آپ دیوار میں موجود طاق کی چیزوں کی تصویر اپنی کاپی میں بنائیں۔

بارہویں طاق پر گیند، پہلے طاق پر پنسل

چودھویں طاق پر کپ، چھٹے طاق پر بوتل

گیارہویں طاق پر بیلون، دوسرے طاق پر بالٹی

سولہویں طاق پر انڈا، تیسرے طاق پر کتاب

تیرہویں طاق پر پتنگ، چوتھے طاق پر پھول

پندرہویں طاق پر گلاس، پانچویں طاق پر لٹو

ساتویں طاق پر چاقو، آٹھویں طاق پر کلس

نویں طاق پر ربر ، دسویں طاق پر امرود


سبق:8

# کون زیادہ کون کم


732NJM

نیچے کی مثالوں کا مشاہدہ کیجیے۔ ہر قطار میں کتنی لکڑیاں اور کتنے پھل ہیں گن کر کہیے:

٣١٢





١٣٤




٢٠٥




١٢٦





نیچے دیے گیے ترازو کا مشاہدہ کیجیے:



ترازو کے دونوں پلڑے میں برابر تعداد میں آم ہیں۔


ترازو کی بائیں پلڑے میں ۶ ؍عدد پھل اور دائیں پلڑے میں ۴ ؍عدد پھل ہیں۔ اس میں زیادہ کون؟



۶ بڑا اور ۴ چھوٹا

یعنی ۴ < ۶

اس ترازو میں دائیں پلڑے پر ۸ ؍اور بائیں پلڑے پر ۳ عدد آم ہے۔



یعنی ۳ < ۸

یا ۸ > ۳

۳۱۲ کے سیکڑہ کے مقام والا ہندسہ ۱۳۴ کے سیکڑہ کے مقام والے ہندسہ سے بڑا ہے۔

۳ ۱ ۲<br>↕<br>۱ ۳ ۴

یعنی ۱۳۴ < ۳۱۲

یا ۳۱۲ > ۱۳۴

۲۰۵ کے سیکڑہ کے مقام والا ہندسہ ۱۲۶ کے سیکڑہ کے مقام والا ہندسہ سے بڑا ہے۔ اس لیے ۲۰۵ سے ۱۲۶ چھوٹا ہے یا ۱۲۶ سے ۲۰۵ بڑا ہے۔

۲ ۰ ۵<br>↕<br>۱ ۲ ۶

یعنی ۱۲۶ < ۲۰۵

یا ۲۰۵ > ۱۲۶

**تین ہندسوں والے دو عددوں کے درمیان جس عدد میں سیکڑہ کے مقام پر رہنے والا ہندسہ ہوگا وہی عدد بڑا ہوگا۔**

# مشق

1۔ ہر قطار میں موجود دو عددوں کے درمیان بڑے عدد کے چاروں طرف دائرہ (گھیرا) بنائیے۔

| | |
|---|---|
| ۸۶۹ | ۹۰۵ |
| ۴۸۶ | ۳۵۲ |
| ۵۸۷ | ۶۰۳ |
| ۹۰۶ | ۷۸۰ |
| ۶۰۰ | ۸۰۰ |
| ۲۱۸ | ۴۶۵ |
| ۳۵۴ | ۱۳۸ |
| ۶۴۰ | ۳۸۰ |

2۔ نیچے دیے گیے دو عددوں کے درمیان < یا > نشان دیجیے:



| | |
|---|---|
| ۱۰۱ | ۲۷۴ |
| ۸۲۹ | ۵۳۶ |
| ۳۳۵ | ۲۳۴ |
| ۷۶۰ | ۹۰۰ |
| ۸۰۱ | ۷۹۹ |
| ۵۰۰ | ۴۹۷ |



مشاہدہ کیجیے: ۵۴۱ اور ۵۳۴ کے درمیان سیکڑہ کے مقام دونوں ہندسے برابر ہیں۔ ۵۴۱ اور ۵۳۴ کے درمیان ۵۴۱ کے دہائی مقام پر بڑا ہندسہ ہے۔ اس لیے ۵۴۱ بڑا اور ۵۳۴ چھوٹا۔

۲۳۶ = 




☆ ۲۳۶ اور ۲۱۸ کے درمیان موازنہ کریں گے:

۲ ۳ ۶

۲ ۱ ۸

۲=۲ ۳>۱

۲۱۸ = 

۲۱۵ اور ۲۱۳ میں سیکڑہ کے مقام کا ہندسہ برابر ہے۔

۲۱۵ اور ۲۱۳ میں دہائی کے مقام کا ہندسہ برابر ہے۔

۲۱۵ اور ۲۱۳ کے درمیان ۲۱۵ میں اکائی کے مقام پر بڑا ہندسہ ہے۔

اس لیے ۲۱۵، ۲۱۳ سے بڑا ہے۔ ۱۰۰ ۱۰۰ ۱۰۰ ••••• ۲۱۵

یا ۲۱۳، ۲۱۵ سے چھوٹا ہے ↕

۲۱۳ < ۲۱۵ ۱۰۰ ۱۰۰ ۱۰۰ ••• ۲۱۳

۲۱۵ > ۲۱۳


## مشق

1۔ ہر قطار میں چھوٹے عدد کے چاروں طرف دائرہ کھینچیے:


| | |
|---|---|
| (۷۳۶) | ۷۶۱ |
| ۸۵۸ | ۸۷۰ |
| ۱۳۳ | ۱۰۵ |
| ۶۱۶ | ۶۲۲ |
| ۵۱۶ | ۵۸۵ |
| ۳۹۲ | ۳۶۷ |
| ۹۵۴ | ۹۴۵ |

2۔ ہر ایک جوڑی کے درمیان جس کی قیمت زیادہ ہے اسے رنگ کیجیے۔

(i)




۸۵۶ روپے




۸۵۰ روپے

(ii)



۹۸۵ روپے




۹۸۰ روپے

(iii)



۷۹۸ روپے　　　　۷۹۵ روپے

(iv)




۶۶۰ روپے　　　　۶۶۴ روپے

3۔ دائرہ کے اندر > ، < ، = کا نشان دیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۵۵۰ | ◯ | ۵۵۵ |
| ۳۷۵ | ◯ | ۳۷۸ |
| ۴۲۹ | ◯ | ۴۲۸ |
| ۶۵۹ | ◯ | ۶۵۴ |
| ۳۳۸ | ◯ | ۳۳۸ |
| ۶۵۹ | ◯ | ۶۵۹ |
| ۸۷۴ | ◯ | ۸۷۵ |

4۔ ہر قطار کے عددوں کے درمیان جو سب سے بڑا عدد اس کے چاروں طرف ◯ کھینچیے اور جو سب سے چھوٹا عدد ہے اس پر △ کھینچیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۳۴۲ | ۴۲۳ | ۲۳۴ | ۳۲۴ | ۴۳۲ |
| ۴۹۸ | ۷۸۵ | ۸۵۷ | ۶۸۲ | ۶۲۸ |
| ۸۸۵ | ۵۷۸ | ۷۷۸ | ۷۸۷ | ۵۸۷ |
| ۶۰۸ | ۸۹۸ | ۵۷۵ | ۴۶۱ | ۳۷۵ |
| ۹۹۰ | ۸۰۹ | ۹۸۹ | ۸۹۹ | ۹۰۰ |
| ۲۲۱ | ۱۲۲ | ۱۸۲ | ۲۱۸ | ۱۲۸ |

5۔ نیچے کے خانے میں دیے گیے ہندسوں کی مدد سے تین ہندسوں پر مشتمل جتنے ممکنہ عدد ہوں بنائیں۔

بڑے عدد اور چھوٹے عدد کی پہچان بتایئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۲ | ۳ |
| ۴ | ۰ | ۵ |
| ۶ | ۷ | ۸ |

.......................................................


.......................................................

.......................................................

6۔ >،<،= نشان دیجیے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۲۵۶ | < | ۲۶۵ | > | ۲۵۲ |
| ۷۳۲ | | ۷۲۳ | | ۷۲۷ |
| ۵۸۴ | | ۴۸۵ | | ۵۴۸ |
| ۹۳۶ | | ۹۳۶ | | ۹۳۶ |
| ۸۳۸ | | ۸۳۷ | | ۸۳۷ |
| ۱۷۱ | | ۱۱۷ | | ۷۱۱ |
| ۶۵۹ | | ۵۶۹ | | ۵۹۶ |
| ۱۳۰ | | ۱۲۹ | | ۲۱۹ |

7۔



۳۴۰، ۶۴۳، ۱۵۶، ۲۱۳، ۶۳۴، ۲۳۴، ۳۴۲، ۴۳۲

ریل کے ڈبے پر لکھے ہوئے یہ نمبر نیچے کی جانب کھسک گیے ہیں۔ بڑے سے چھوٹے عدد کو ترتیب وار سجا کر ہر ایک ڈبے پر اس کے نمبر لکھیے۔

8۔ چھوٹے سے بڑے کے لحاظ سے عددوں کو سجا کر اس کے نیچے کے خالی خانوں کو پر کیجیے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| (i) | ۲۵۲ | ۳۸۸ | ۳۸۷ | ۷۳۸ | ۳۷۸ | ۵۲۰ |
| | | | | | | |
| (ii) | ۱۸۹ | ۹۱۹ | ۱۹۹ | ۹۹۱ | ۹۱۸ | ۹۸۱ |
| | | | | | | |
| (iii) | ۷۴۳ | ۳۷۴ | ۴۷۳ | ۳۴۷ | ۷۳۴ | ۴۳۷ |
| | | | | | | |
| (iv) | ۶۴۲ | ۳۲۹ | ۵۳۰ | ۳۵۹ | ۳۵۸ | ۵۳۸ |
| | | | | | | |

9۔ (i) ۱، ۲، ۳ کی مدد سے تین ہندسوں پر مشتمل جتنے عدد بنا سکتے ہیں بنائیں۔ تین ہندسوں پر مشتمل عدد بنائیے۔ اس کے درمیان سب سے بڑا اور چھوٹے عدد کی پہچان بھی بتائیے۔

(ii) ۳، ۰، ۱ کی مدد سے تین ہندسوں پر مشتمل عدد تیار کیجیے۔ (کوئی بھی ہندسہ ایک بار سے زیادہ استعمال نہیں کیا جا سکتا) تمام عددوں کے درمیان بڑا اور چھوٹا عدد کو لکھیں۔

(iii) تین ہندسوں پر مشتمل سب سے بڑا عدد اور سب سے چھوٹا عدد لکھیے۔

# سبق 9: آؤ جمع سیکھیں

تالاب میں مچھلی اور مینڈک کے درمیان لڑائی ہوگئی۔کوئی کسی کی بات ماننے کو تیار نہیں۔جس کی تعداد زیادہ ہوگی وہ تالاب کا مالک ہوگا۔سبھی اپنی اپنی ضد پر اڑ گیے۔مچھلیاں کہتی ہیں ہماری تعداد زیادہ ہے۔مینڈک سبھی کہتے ہیں ہماری تعداد زیادہ ہے۔

آخر یہ لوگ ایک بوڑھے کچھوئے کے پاس گیے۔کچھوا پہلے مچھلیوں کی تعداد کو ایک ایک کر کے گنتا گیا۔بڑی مچھلیوں کی تعداد ۲۶۳/اور چھوٹی مچھلیوں کی تعداد ۳۲۸/ہوئی۔بڑے مینڈکوں کی تعداد ۲۳۸/اور چھوٹے مینڈکوں کی تعداد ۳۵۴/ہوئی۔

کس کی تعداد زیادہ ہوگی؟ مچھلیوں کی یا مینڈکوں کی
آؤ مچھلی کی تعداد معلوم کرتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| | ۲ | ٦ | ۳ |
| + | ۳ | ۲ | ۸ |



پہلے اکائی کے مقام سے جمع شروع کریں گے۔
۳/اکائی + ۸/اکائی = ۱۱/اکائی
۱۱/اکائی = ۱دہائی اور ۱/اکائی
حاصل جمع میں اکائی کے مقام پر ۱/لکھا جایے گا۔

73BJLA

دہائی کے مقام کے ہندسوں کی جمع:
اکائی مقام کے حاصل جمع سے حاصل کیا گیا دہائی کا ہندسہ یہاں جمع ہوگا۔
٦/دہائی + ۲/دہائی + ۱دہائی = ۹دہائی
حاصل جمع میں دہائی کے مقام پر ۹ ہوگا۔

| | سو | دہائی | اکائی |
|---|---|---|---|
| | ۲ | ٦ | ۳ |
| + | ۳ | ۲ | ۸ |
| | ۵ | ۹ | ۱ |

سیکڑہ مقام کے ہندسوں کی جمع:
۲سیکڑہ + ۳سیکڑہ = ۵سیکڑہ
حاصل جمع میں سیکڑہ کے مقام پر ۵/ہوگا۔

کل تعداد: ۵/سیکڑہ+۹/دہائی+۱/اکائی

= ۱+۹۰+۵۰۰

= ۵۹۱

| | | | |
|---|---|---|---|
| | ۲ | ۶ | ۳ |
| + | ۳ | ۲ | ۸ |
| کل مچھلیاں= | ۵ | ۹ | ۱ |

اسی طرح کل مینڈکوں کی تعداد معلوم کیجیے۔

۲۳۸

+ ۳۵۴

کل مینڈکوں کی تعداد

اب بتایئے تالاب کا مالک کون ہوگا؟

- اسکول کے باغیچہ میں پھول کا پودا لگانے کا فیصلہ کیا گیا۔ درجہ اوّل کے بچوں نے ۱۷۳/عدد پھول کے پودے، درجہ دوم کے بچوں نے ۱۵۴/عدد پھول کے پودے، درجہ سوم کے بچوں نے ۲۰۹/عدد پھول کے پودے لگائے، تو کل کتنے پھول کے پودے لگایے گیے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| درجہ اوّل کے بچے کے ۱۷۳ عدد پودے | ۱ | ۷ | ۳ |
| درجہ دوم کے بچے کے ۱۵۴ عدد پودے | ۱ | ۵ | ۴ |
| درجہ سوم کے بچے کے ۲۰۹ عدد پودے | ۲ | ۰ | ۹ |

کل پھول کے پودوں کی تعداد=۱۷۳+۱۵۴+۲۰۹=.........................

- ایک کسان نے اپنے باغیچہ سے ٹھیلے کے ذریعہ ناریل اپنے گھر ڈھویا۔ پہلی بار ۳۰۰ عدد، دوسری بار ۳۲۵ عدد اور تیسری بار ۲۸۵/عدد ناریل گھر بھجوایے۔ تو کل کتنے عدد ناریل اس کے باغیچہ سے گھر آئے؟

پہلی بار بھجوائے............عدد ناریل [ ] [ ] [ ]


دوسری بار بھجوائے............عدد ناریل + [ ] [ ] [ ]

تیسری بار بھجوائے............عدد ناریل + [ ] [ ] [ ]


کل ناریل کی تعداد=..............+..............+..............= [ ]

# مشق

1۔ تصویر دیکھ کر کہیے اور لکھیے:





2۔ نیچے کے خالی خانوں کو پر کیجیے:





3۔ نیچے سے نیچے، کونے سے کونے کی طرف موجود عددوں کی جمع کیجیے۔ حاصل جمع کیا ملا:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۶۷ | ۱۶۰ | ۱۶۵ |
| ۱۶۲ | ۱۶۴ | ۱۶۶ |
| ۱۶۳ | ۱۶۸ | ۱۶۱ |

4۔ نیچے ۵/عدد گائے اور ۵/عدد بچھڑے کی تصویر دی گئی ہے۔ عددوں کو ملانے پر کون سا بچھڑا کس گائے کے پاس جائے گا لکیر کھینچ کر جانکاری دیجیے۔




5۔ اس ٹیبل میں ایک دوسرے سے جڑے کسی بھی تین خانوں کے ہندسوں کی مدد سے تین ہندسوں پر مشتمل عدد بنائیے۔ (جتنا ممکن ہو سکے) جو اعداد ملے۔ ان میں سے تین عددوں کا حاصل جمع معلوم کیجیے۔ دیکھیے اس طرح سے کون زیادہ سے زیادہ حاصل جمع معلوم کر سکتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳ | ۲ | ۱ |
| ۰ | ۸ | ۶ |
| ۵ | ۴ | ۲ |

6۔ حل کیجیے:

| | |
|---|---|
| (i) ایک ٹوکری میں ۲۸۶/عدد بھینڈی اور دوسری ٹوکری میں ۱۳۷/عدد بھینڈی ہے۔ تو دونوں ٹوکری میں کل ملا کر کتنی بھنڈیاں ہیں؟ | ۲ ۸ ۶<br>+ ۱ ۳ ۷<br>۴ ۲ ۳ عدد بھنڈیاں ہیں۔ |
| (ii) رحیم کے کھیت میں ۲۱۵/عدد مکئی کا پودا اور ۲۲۸/عدد باجرا کا پودا ہے۔ تو اس کھیت میں کل کتنے پودے ہیں۔ | |
| (iii) ایک اسکول میں ۲۳۴/عدد لڑکے اور ۱۸۵/عدد لڑکیاں ہیں تو اس اسکول میں کل کتنے بچے ہیں۔ | |
| (iv) ایک میدان میں ۱۲۳/عدد گائیں، ۳۱۶/عدد بکریاں اور ۲۷۹/عدد بھینس چر رہی ہیں۔ تو اس میدان میں کل کتنے جانور ہیں۔ | |

| | |
|---|---|
| (v) فرحان ایک دن میں ۲۱۶/عدد اینٹیں تیار کیا اور عدنان نے ایک دن میں ۲۸۴/عدد۔ تو دونوں نے مل کر ایک دن میں کل کتنے عدد اینٹیں تیار کیں؟ | |
| (vi) سعدیہ کے پاس ۴۲۵/روپے علیمہ کے پاس ۲۳۸/روپے اور سعد کے پاس ۱۴۷/روپے ہیں۔ تو ان تینوں کے پاس کل کتنے روپے ہیں۔ | |
| (vii) ایک گاؤں میں ۲۲۸/مرد، ۲۳۷/عورتیں اور ۲۵۴/بچے ہیں۔ تو اس گاؤں کی کل آبادی کتنی ہے۔ | |

## 7۔ آیئے اندازے سے حاصل جمع کریں:

۴۳/اور ۲۱/ کا حاصل جمع ۵۰/سے زیادہ ہوگا یا ۵۰/سے کم؟

ہم اندازہ کرتے وقت دونوں ہندسے کی اکائی کے ہندسے کو چھوڑ کر بعد کے دونوں ہندسوں کو جمع کریں گے۔ تو

حاصل جمع ہوگا = ۴۰+۲۰=۶۰

اس لیے ۴۳/اور ۲۱ کا حاصل جمع ۵۰/سے زیادہ ہوگا۔

اسی طرح بتایئے:

(i) ۶۲ + ۳۳ کا حاصل جمع ۸۰ سے زیادہ یا ۸۰ سے کم ہوگا؟

(ii) ۵۵+۲۴=۸۰ سے زیادہ یا ۸۰ سے کم؟

8۔ نیچے دیے گیے دو عددوں کا حاصل جمع اندازہ کریں اور بائیں طرف موجود جواب کے درمیان صحیح جواب کو چن کر اس پر نشان دیں۔

| | دو عدد | | حاصل جمع |
|---|---|---|---|
| (i) | ۲۳+۱۴ | ● | ۳۰ سے زیادہ |
| | | ● | ۳۰ سے کم |
| | | ● | ۳۰ کے برابر |
| (ii) | ۲۰+۴۹ | ● | ۷۰ سے زیادہ |
| | | ● | ۷۰ سے کم |
| | | ● | ۷۰ کے برابر |
| (iii) | ۵۱+۳۱ | ● | ۸۰ سے زیادہ |
| | | ● | ۸۰ سے کم |
| | | ● | ۸۰ کے برابر |
| (iv) | ۲۵+۶۲ | ● | ۷۰ سے زیادہ |
| | | ● | ۷۰ سے کم |
| | | ● | ۷۰ کے برابر |

9۔ دل ہی دل میں حساب کر کے کہیے:

(i) سعدیہ نے ۸ عدد چاکلیٹ کھاے، سعدیہ سے ۵ عدد چاکلیٹ زیادہ ثمرہ نے کھائی تو بتاؤ کہ ثمرہ نے کتنی چاکلیٹ کھائی۔

(ii) جویریہ نے ۶/عدد پھول توڑے، فرخندہ نے ۹/عدد پھول توڑے دونوں کے پھولوں کو ملا کر ایک مالا تیار کی گئی تو بتاؤ کہ اس مالا میں کل کتنے پھول ہیں؟

(iii) عرفات کے پاس ۲۲/روپے تھے۔ اس کے والد نے اسے ۱۲/روپے دیے تو عرفات کے پاس کل کتنے روپے ہو گیے؟




(iv) عدنان کے جنم کے وقت فیضان کی عمر ۴ سال تھی جب عدنان کی عمر ۵/سال ہو گی تو فیضان کی عمر کتنی ہو گی۔

(v) کس عدد سے ۱۱/تفریق کرنے سے حاصل تفریق ۲۲/رہو گا؟

(vi) دو عددوں کا حاصل تفریق ۵ ہے۔ اس میں چھوٹا عدد ۱۵/رہو تو بڑا عدد کتنا ہو گا۔

# سبق:10 تفریق سیکھیں

سعدیہ اور ثمرہ نے جنگل جا کر کیندو کے پتے توڑے۔ آخر میں اپنے توڑے ہوئے پتوں کو اکٹھا کیا، سعدیہ بولی میں نے زیادہ پتے توڑے ہیں۔ ثمرہ نے کہا میں نے زیادہ پتے توڑے ہیں۔ اسی طرح دونوں کے درمیان بحث ہونے لگی۔ اسی وقت عاطفہ پہنچی۔ دونوں نے عاطفہ سے اس مسئلہ کو حل کرنے کے لیے کہا۔ عاطفہ نے مشورہ دیا کہ وہ دونوں اپنے اپنے پتوں کے ۱۰۰ ر کا بنڈل اور ۱۰ ر کا بنڈل بنائیں۔ اور باقی پتوں کو ایک ایک کر کے الگ رکھیئے۔

| | ۱۰۰ ر کا بنڈل | ۱۰ ر کا بنڈل | ایک ایک پتا | کل پتوں کی تعداد |
|---|---|---|---|---|
| سعدیہ کا پتا |  |  |  | ۳۴۵ |
| ثمرہ کا پتا |  |  |  | ۲۳۲ |

73KFMX

عاطفہ: سعدیہ تمہارے پتوں کی تعداد کتنی؟
ثمرہ تمہارے پتوں کی تعداد کتنی؟
اب بتایئے کس کے پتوں کی تعداد زیادہ ہے؟

سعدیہ: سیکڑہ کے خانے میں میرے ۳ عدد بنڈل ہیں اس لیے میرے پتوں کی تعداد زیادہ ہے۔
ثمرہ نے کہا "ارے ہاں!"

عاطفہ: بتاؤ ثمرہ سے سعدیہ کے پتوں کی تعداد کتنی زیادہ ہے؟
سب نے غور کیا کہ کیا کرنے سے انہیں تعداد معلوم ہوگی؟

عاطفہ: تفریق کرنے سے پتہ چلے گا۔ تفریق کرنے کے لیے بڑے عدد کو اوپر اور چھوٹے عدد کو اس کے نیچے لکھا جاتا ہے۔ مقامی قیمت کے لحاظ سے دیے گیے عدد کو نیچے سے نیچے لکھتے ہیں۔ اکائی کے عدد کو اکائی کے نیچے دہائی کے عدد کو دہائی کے نیچے اور سیکڑہ کے عدد کو سیکڑہ کے نیچے لکھ کر عددوں کو تفریق کیا جاتا ہے۔

اب بتایئے:

۵ سے ۲ تفریق کرنے سے کتنا ہوگا؟
۴ سے ۳ تفریق کرنے سے کتنا ہوگا؟
۳ سے ۲ تفریق کرنے سے کتنا ہوگا؟

```
  ۳ ۴ ۵
- ۲ ۳ ۲
--------
```

اب بتایئے سعدیہ کے پاس ثمرہ کے مقابلے کتنے پتے زیادہ ہیں

میلے میں چوہا نانا کی مٹھائی کی دکان پر کافی بھیڑ ہے۔ ہر ایک چاہتا ہے کہ اسے پہلے مٹھائی ملے۔ بھیڑ میں موجود ہیں۔ چیونٹی، مکھّی، مچھر، شہد کی مکھی اور پتنگے۔ چیونٹی کی تعداد تھی ۹۷۲/، مکھی ۶۷۹/، مچھر ۴۳۸/، شہد کی مکھی ۸۲۴، اور پتنگے کی تعداد ۲۱۶ تھی۔ بھیڑ میں معلوم ہی نہیں ہوتا تھا کہ کس کی تعداد زیادہ ہے۔ کس کی کم سبھی بحث کر رہے تھے کہ ہماری جماعت بڑی ہے اس لیے ہم لوگوں کو مٹھائی پہلے دی جایے۔ اب آپ بتائیے:

☆ کس جماعت میں سب سے زیادہ تعداد ہے؟



## مچھر پتنگے سے کتنے زیادہ ہیں؟

۴۳۸ = ۴/سیکڑہ ۳/دہائی ۸/اکائی

- ۲۱۶ = ۲/سیکڑہ ۱/دہائی ۶/اکائی

۲/سیکڑہ ۲/دہائی ۲/اکائی

۸/اکائی سے ۲/اکائی کو تفریق کرنے پر باقی بچا ۲/اکائی

۳/دہائی سے ۱/دہائی کو تفریق کرنے پر باقی بچا ۲/دہائی

۴/سیکڑہ سے ۲/سیکڑہ کو تفریق کرنے پر باقی بچا ۲/سیکڑہ

۸ ۳ ۴

۶ ۱ ۲ −

۲ ۲ ۲

یعنی پتنگوں کی تعداد ۲۲۲/زیادہ ہے۔

| سیکڑہ | دہائی | اکائی |
|---|---|---|
| ۸ | ۲ | ۴ |
| ۹ | ۷ | ۲ |
| | | |

## شہد کی مکھی کی تعداد مکھیوں سے کتنی زیادہ ہے۔

۴ ۲ ۸ (شہد کی مکھی) =۴/سیکڑہ ۳/دہائی ۸/اکائی

۹ ۷ ۶ (مکھی) =۶/سیکڑہ ۷/دہائی ۹/اکائی

۴/اکائی سے ۹/اکائی تفریق نہ ہو تو کیا کریں گے؟

دہائی کے مقام سے ۱ دہائی لے کر ۴/اکائی میں ملائیں ۱۰+۴=۱۴/اکائی ہوگا

اب ۱۴/ سے ۹/ تفریق کریں تو حاصل تفریق ہوگا ۵/۔ دہائی کے مقام پر ۱/دہائی۔ اس میں سے تفریق کریں گے ۸/دہائی لیکن اس سے ۷/ بڑا ہے تب۔ سیکڑہ کے مقام سے ایک سو لائیں گے۔ دہائی کے خانہ میں یہ اعداد ہوئے ۱۰+۱=۱۱/دہائی

۱۱/دہائی سے ۷ دہائی تفریق کرنے سے حاصل تفریق ہوا ۴/دہائی۔ سیکڑہ کے مقام میں رہا ۷/سو۔ اس میں سے ۶/سو تفریق کرنے پر حاصل تفریق ہوگا ۱/سو۔

|   |   |   |   |
|---|---|---|---|
|   | ۸ | ۲ | ۴ |
| - | ۶ | ۷ | ۹ |
|   | ۱ | ۴ | ۵ |

شہد کی مکھیوں کی تعداد مکھیوں کی تعداد سے کتنی زیادہ ہے؟

اب معلوم کیجیے:

(i) چیونٹیوں کی تعداد مکھیوں کی تعداد سے کتنی زیادہ ہے؟


(ii) مکھیوں کی تعداد مچھروں کی تعداد سے کتنی زیادہ ہے؟

(iii) پتنگوں کی تعداد شہد کی مکھیوں کی تعداد سے کتنی کم؟


(iv) پتنگوں کی تعداد چیونٹیوں کی تعداد سے کتنی کم؟

## مشق

1۔ دائرہ نما نقشہ کے خالی خانے میں عدد لکھیں۔ اس طرح کہ ہر قطار میں دو عددوں کا حاصل جمع ۶۷۸ ہوگا؟



2۔




تصویر دیکھ کر جواب دیجیے:

(i) ریڈیو سے پریسر کوکر کی قیمت کس قدر کم ہے؟

(ii) استری کی قیمت سے گھڑی کی قیمت کتنی زیادہ ہے؟


(iii) بکس کی قیمت گھڑی کی قیمت سے کتنی زیادہ ہے؟

(iv) پریسر کوکر کی قیمت گرائنڈر مشین کی قیمت سے کتنی کم ہے؟

3۔ اس ٹیبل میں دیے گیے ہندسوں کی مدد سے ہندسوں کے جتنے عدد بن سکتے ہیں لکھیے۔ اس میں دو جوڑے عددوں کو چن کر بڑے عدد سے چھوٹے عدد کا حاصل تفریق معلوم کیجیے۔ دیکھتے ہیں کون سب سے زیادہ حاصل تفریق معلوم کرسکتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | ۵ | ۳ |
| ۹ | ۰ | ۸ |
| ۴ | ۷ | ۲ |

4۔ کون سا مینڈک کس اروی (کچو) کی جھاڑی کے پاس جائے گا پہچان کیجیے۔







5۔ نیچے درج کہانی کو پڑھیے اور جواب دیجیے:

عرفات نے سوچا کہ دودھ خریدنا بہت مشکل ہے۔ اس لیے ایک دودھ دینے والی گائے خریدی جایے۔ اس لیے وہ کچھ روپے لے کر بازار گیا۔ اور ایک تاجر سے دودھ دینے والی گائے کی قیمت پوچھی۔ اس نے ۸۹۷/ روپے بتائیے۔ عرفات نے دیکھا کہ اس کے پاس اتنا روپیہ نہیں ہے۔ وہ سوچ میں پڑ گیا۔ اس کی یہ حالت دیکھ کر گائے کے تاجر نے عرفات سے پوچھا کہ ''تمہارے پاس کتنے روپے ہیں، بتاؤ؟ روپیہ گن کر عرفات نے بتایا کہ ۵۳۸/ روپیہ ہیں۔ گایے کے تاجر نے کہا تم گایے نہیں لے سکتے ہو، تم ایک بچھڑا لے لو جس کی قیمت ۳۶۹ روپے ہیں۔ عرفات نے سوچا کہ زیادہ قیمت دے کر گائے کیوں لوں کم قیمت دے کر ایک بچھڑا خرید لیتے ہیں۔ کچھ دنوں کے بعد یہ بڑھ کر گایے ہو جایے گی اور دودھ دے گی یہ سوچ کر اس نے بچھڑا خرید لیا۔

(i) بچھڑا خریدنے سے پہلے عرفات کے پاس کتنے روپے تھے؟

عرفات بازار لے کر گیا .......................روپے

بچھڑا خریدنے میں خرچ کیا .......................روپے

باقی بچے .......................روپے

(ii) کتنے روپے زیادہ لینے سے وہ گائے خرید سکتا تھا؟

گائے کی قیمت تھی ........................ روپے


عرفات کے پاس تھے ........................ روپے

اورضرورت تھی ........................ روپے

6۔ حل کریں:

| | |
|---|---|
| (i) ۹۸۶ طالب علموں کے درمیان لڑکوں کی تعداد ۴۹۷ ہوتو لڑکیوں کی تعداد بتائیے۔ | ۹۸۶<br>- ۴۹۷<br>۴۸۹ |
| (ii) ایک دن مرغی فارم میں مرغیوں نے کل ۶۰۰ عدد انڈے دیے اس میں ۴۸۷ عدد انڈے فروخت کر دیے گیے تو اس دن اور کتنے انڈے باقی ہیں ؟ | |
| (iii) ایک گاؤں میں ۳۷۷ لوگ رہتے ہیں جن میں سے ۴۸۹ لوگوں کے نام ووٹرلسٹ میں شامل ہیں۔تو بتائیے کتنے لوگوں کے نام ووٹرلسٹ میں نہیں ہیں؟ | |
| (iv) تین ہندسوں کے سب سے بڑے عدد سے تین ہندسوں کا سب سے چھوٹا عدد کتنا چھوٹا ہے۔ | |


8۔ اب کہیے اور لکھیے: (+نشان کے نیچے)




9۔ کون سی جوڑی کس کے ساتھ میل کھاتی ہے۔نشان کھینچ کر بتائیے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۲۳ | + | ۲۵ | ۲۲ | + | ۱۵ |
| ۴۸ | − | ۱۱ | ۱۴ | + | ۱۰ |
| ۱۵ | + | ۱۲ | ۳۲ | − | ۱۲ |
| ۴۹ | − | ۳۷ | ۳۹ | − | ۱۲ |
| ۴۲ | − | ۲۲ | ۱۱ | + | ۳۷ |
| ۳۶ | − | ۱۲ | ۳۷ | − | ۲۵ |

10۔




(i) چیتا اور بھالو کو ملا کر کل کتنے جانور رہوں گے؟

اوپر دیے گیے سوال کی طرح اور تین سوال تیار کریں۔

(ii) مگرمچھ کی تعداد سے زیبرا کی تعداد کتنی کم ہے۔

'کم' لفظ کو استعمال کر کے اوپر کے سوال کی طرح اور دو سوال تیار کریں؟


11۔(i) نیچے ایک سوال کے حل کو پہلے پیش کیا گیا ہے اور بعد میں سوال لکھا گیا ہے اس پر غور کریں۔

چاندرات کے دن



ماں نے کل پوریاں تیار کیں = ۳۲

دادی ماں نے کل پوریاں تیار کیں = ۲۴



کل پوریوں کی تعداد = ۵۶

اس حل کے لیے کیا ہوگا غور کریں:

چاندرات کے دن ماں نے ۳۲ پوریاں تیار کیں۔ اور دادی ماں نے ۲۴ پوریاں تیار کیں۔
اس دن کل کتنی پوریاں تیار کی گئیں۔

نیچے دیے ہر حل کے لیے سوال کیا ہونگے لکھیے۔

(i) باغیچہ میں کام کرنے والی درجہ دوم کی بچیوں کی تعداد = ۲۰

باغیچہ میں کام کرنے والی درجہ سوم کی بچیوں کی تعداد = ۱۷

باغیچہ میں کام کرنے والی کل بچیوں کی تعداد = ۳۷

(ii) جنم دن کے لیے لائے گیے چاکلیٹ کی تعداد = ۵۶

بچوں میں تقسیم کیے گیے چاکلیٹ کی تعداد = ۴۲

باقی بچے چاکلیٹ کی تعداد = ۱۴

12۔ آؤ اندازہ سے حاصل تفریق معلوم کریں:

۸۷ر سے ۲۶ر کو تفریق کرنے سے حاصل تفریق ۵۰ر سے زیادہ یا کم ہوگا؟

ہم اندازہ کریں گے کہ مقامی قیمت کے لحاظ سے دونوں عدد کی اکائی کے مقام کے ہندسوں کو چھوڑ کر تفریق کرنے سے حاصل تفریق ہوگا = ۸۰-۲۰=۶۰۔ اسی لیے ۸۷ر سے ۲۶ر کو تفریق کرنے سے حاصل تفریق ۵۰ سے زیادہ ہوگا۔

اسی طرح:

(i) ۵۸ر اور ۱۵ر کا حاصل تفریق ۳۰ سے زیادہ ہوگا یا ۳۰ سے کم؟
۵۰-۱۰=۴۰ر اس لیے حاصل تفریق ۳۰ر سے زیادہ ہوگا۔

(ii) ۸۵-۳۰ کی قیمت ۴۰ سے زیادہ یا ۴۰ سے کم ہوگی؟

13۔ ہر ایک خانہ میں موجود دو عددوں کا حاصل تفریق اندازہ لگائیں اور اس کی داہنی طرف موجود تین جواب کو لکیر کھینچ کر بتائیں۔

۵۴-۳۰ =
- ۲۰ سے زیادہ
- ۲۰ سے کم
- ۲۰ کے برابر

۸۹-۲۸ =
- ۶۰ سے زیادہ
- ۶۰ سے کم
- ۶۰ کے برابر

۶۸-۴۴ =
- ۲۰ سے زیادہ
- ۲۰ سے کم
- ۲۰ کے برابر

۹۹-۴۰ =
- ۲۰ سے زیادہ
- ۲۰ سے کم
- ۲۰ کے برابر

14۔ دل ہی دل میں حساب کر کے کہیے:

(i) ۲۰/ میں کتنا ملانے پر ۴۰/ ہوگا؟

(ii) ۶۰/ سے کتنا تفریق کرنے پر ۳۰/ ہوگا؟

(iii) ۵۰۰/ سے کتنا تفریق کرنے پر ۲۰۰/ ہوگا؟

(iv) ۷۰۰/ سے ۲۰۰/ تفریق کرنے پر جتنا ہوگا ۴۰۰/ میں کتنا ملانے پر اتنا ہی ہوگا؟

(v) سعدیہ نے بورڈ میں ۳۳/ لکھا۔ زلفی نے اس سے ایک ۳/ کو مٹا دیا۔ اب نیا ہندسے کی قیمت ۳۳/ سے کتنی کم ہے؟

(vi) بارش ہونے کی وجہ سے ایک دن تمہاری جماعت میں ۳۸/ بچوں میں ۱۲/ بچے اسکول نہیں آسکے تو اس دن کتنے بچے اسکول آئے تھے؟

سبق: 11

# آؤ حساب کریں



گھوڑے اور ہاتھیوں کے درمیان کرکٹ کا فائنل میچ ہوا۔ گدھے کو رنوں کا حساب رکھنے کی ذمہ داری دی گئی۔ گھوڑے نے بہت تیز دوڑ کر بہت رن بنائیے۔ اس کے بعد ہاتھیوں کی باری تھی۔ ہاتھی تیزی سے دوڑ نہ پائے۔ ایک کے بعد ایک رن آؤٹ ہو گیے۔ ہاتھیوں کی جماعت کا کپٹین بیٹنگ کرنے آیا۔ سبھوں نے زور سے تالی بجائی۔ کپٹین نے ایک کے بعد ایک ۸/عدد چھکے مارے۔ گدھا کس طرح رنوں کا حساب کرےگا؟

(۶+۶+۶+۶+۶+۶+۶+۶) اسی طرح لکھ کر گدھے نے جمع کرنا شروع کیا۔ اب ہاتھیوں کے رنوں کا اعلان کیا جایےگا۔ سبھی سننے کے لیے بے قرار تھے۔ ہاتھیوں کا رن معلوم کرنے کے لیے سبھوں نے چاروں طرف سے گدھے کو گھیر لیا۔ بگلا، بندر سبھی دھکم دھکا ہو کر گدھے کے پاس پہنچ گیے۔ وہ سب گدھے کو بولے ارے گدھے بھائی اس طرح جلد حساب نہیں کر پاؤگے۔

۶/کو ۸/بار جمع کرنا جتنا ہوتا ہے ۶/کو ۸/کے ذریعہ ضرب کرنے سے اس کا حاصل ضرب اتنا ہی ہوتا ہے۔ یہ سن کر گدھا بہت خوش ہوا۔ اس نے کہا واہ یہ تو بڑا اچھا حل ہے۔ اب ہاتھی جتنا چھکا مارے میں تو جلد ہی حساب کر کے اعلان کردوں گا۔

۶+۶+۶+۶+۶+۶+۶+۶=۴۸

۶ کا ۸ گنا = ۴۸ یا ۶×۸=۴۸

- اب آپ بتائیں کتنا ہوگا؟

۶ کا ۴ گنا = ..................

۶ کا ۶ گنا = ..................

۶ کا ۷ گنا = ..................

۶ کا ۹ گنا = ..................

اس حاصل ضرب کو اس طرح سے بھی لکھا جا سکتا ہے:

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶ | ۱۲ | ۱۸ | ۲۴ | ۳۰ | ۳۶ | ۴۲ | ۴۸ | ۵۴ | ۶۰ |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ۶ | ۶ | ۶ | ۶ | ۶ | ۶ | ۶ | ۶ | ۶ | ۶ |

- اب اسی طرح ۷ کی ضرب کا ٹیبل پیش کریں:

۷ کا ۱ گنا　　۷　　۷×۱=۷

۷ کا ۲ گنا　　۷+۷　　۷×۲=۱۴

۷ کا ۳ گنا　　۷+۷+۷　　۷×۳=۲۱

۷ کا ۴ گنا

۷ کا ۵ گنا

۷ کا ۶ گنا

۷ کا ۷ گنا

۷ کا ۸ گنا

۷ کا ۹ گنا

۷ کا ۱۰ گنا

● پچھلے ضرب کے ٹیبل کو دھیان میں رکھ کر نیچے دیے سوالوں کے جواب دیجیے:

1۔ چار ہفتوں کے کتنے دن ہوتے ہیں؟

2۔ ایک قلم کی قیمت ۷/روپے ہے تو ۶/قلم کی قیمت کتنی ہوگی؟

3۔ ایک بچہ ۷/عدد بیلون خریدتا ہے۔ ہر بچہ برابر میں بیلون خریدتا ہے۔ تو ۸/بچوں نے کل کتنے بیلون خریدے۔

۸/کی ضرب کا ٹیبل:



ایک مکڑے کے پیروں کی تعداد = ............

۳عدد مکڑوں کے پیروں کی تعداد = ۸+۸+۸


= ۸ کا ۳ گنا = ۳×۸ = ۲۴

اسی طرح نیچے کی فہرست خالی خانوں کو پر کیجیے:

| | | |
|---|---|---|
| ۸ کا ۱ گنا | ۸ | ۷=۱×۸ |
| ۸ کا ۲ گنا | ۸+۸ | ۱۶=۲×۸ |
| ۸ کا ۳ گنا | ۸+۸+۸ | ۲۴=۳×۸ |
| ۸ کا ۴ گنا | ________ | ________ |
| ۸ کا ۵ گنا | ________ | ________ |
| ۸ کا ۶ گنا | ________ | ________ |
| ۸ کا ۷ گنا | ________ | ________ |
| ۸ کا ۸ گنا | ________ | ________ |
| ۸ کا ۹ گنا | ________ | ________ |
| ۸ کا ۱۰ گنا | ________ | ________ |

امجد نے ۸ کا پہاڑہ لکھ کر ٹیبل پر رکھا اور سو گیا۔ صبح اٹھ کر اس نے دیکھا کہ ٹیبل پر موجود اس کاغذ کو ڈیمک نے برباد کر دیا ہے۔ یہ دیکھ کر اس نے زور زور سے رونا شروع کر دیا۔ ڈیمک کی بگاڑی ہوئی جگہوں پر آپ صحیح صحیح جواب لکھ کر اسے جوڑ دیں تو امجد کا رونا بند ہو جایے گا۔






اب کہیے:


1۔ ایک برتن میں ۸ لیٹر دودھ آتا ہے تو اسی طرح کے ۷ عدد برتن میں کتنا لیٹر دودھ آئے گا؟

2۔ ایک قمیض میں ۸ عدد بٹن لگتے ہیں تو اسی طرح کی ۵ عدد قمیضوں میں کتنے بٹن کی ضرورت ہوگی؟

3۔ ایک قطار میں ۸ عدد بچے بیٹھتے ہیں۔ تو اسی طرح کی ۴ قطاروں میں کتنے بچے بیٹھیں گے؟

۹ کی ضرب کا پہاڑہ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹ کا ۱ گنا | ۹ | ۱×۹ | ۹= |
| ۹ کا ۲ گنا | ۹+۹ | ۲×۹ | ۱۸= |
| ۹ کا ۳ گنا | ۹+۹+۹ | ۳×۹ | ۲۷= |
| ۹ کا ۴ گنا | ________ | ________ | ________ |
| ۹ کا ۵ گنا | ________ | ________ | ________ |
| ۹ کا ۶ گنا | ________ | ________ | ________ |
| ۹ کا ۷ گنا | ________ | ________ | ________ |
| ۹ کا ۸ گنا | ________ | ________ | ________ |
| ۹ کا ۹ گنا | ________ | ________ | ________ |
| ۹ کا ۱۰ گنا | ________ | ________ | ________ |



● دل ہی دل حساب کر کے کہیے:

1۔ ٩ عدد مچھلیاں ہیں۔ ہر ایک مچھلی کے ٩ ر ٹکڑے کیے جائیں تو کل کتنے ٹکڑے ہوں گے؟

2۔ ایک بڑھئی کو ایک الماری تیار کرنے میں ٩ ر دن لگے تو اسی طرح کی ٧ ر عدد الماریاں تیار کرنے میں کتنے دن لگیں گے؟

3۔ اگر ایک بستہ میں ٩ ر کیلو گرام چینی ہے تو اسی طرح کے ٣ عدد بستوں میں کتنا کیلو گرام چینی رہے گا؟

**آؤ رنگ بھریں:**

نیچے کچھ کارڈوں پر ضرب کرنے کو کہا گیا ہے۔ جس کارڈ میں ہندسوں کا حاصل ضرب ٣٢ ر ہے اس کارڈ میں لال رنگ بھریں جس کا حاصل ضرب ٢٤ ر ہے اس میں نیلا بھریں۔ اور جس کا حاصل ضرب ٣٦ ر ہے اس میں سبز رنگ بھریں۔ اور باقی بچے کارڈ میں کوئی رنگ نہ بھریں۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ٧×٤ | ٤×٨ | ٦×٤ | ٨×٢ | ٦×٦ |
| ٩×٤ | ٧×٤ | ٨×٣ | ٨×٧ | ٨×٤ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ١٠ کا ١ گنا | ١٠ | ١×١٠ | =١٠ |
| ١٠ کا ٢ گنا | ١٠+١٠ | ٢×١٠ | =٢٠ |
| ١٠ کا ٣ گنا | ١٠+١٠+١٠ | ٣×١٠ | =٣٠ |
| ١٠ کا ٤ گنا | ________ | ________ | ________ |
| ١٠ کا ٥ گنا | ________ | ________ | ________ |
| ١٠ کا ٦ گنا | ________ | ________ | ________ |
| ١٠ کا ٧ گنا | ________ | ________ | ________ |
| ١٠ کا ٨ گنا | ________ | ________ | ________ |
| ١٠ کا ٩ گنا | ________ | ________ | ________ |
| ١٠ کا ١٠ گنا | ________ | ________ | ________ |

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| ١ | ٢ | ٣ | ٤ | ٥ | ٦ | ٧ | ٨ | ٩ | ١٠ |
| ١٠ | ١٠ | ١٠ | ١٠ | ١٠ | ١٠ | ١٠ | ١٠ | ١٠ | ١٠ |

- اب بتائیے:

(i) ایک قطار میں ١٠/عدد پودے لگے ہیں۔ تو ٥ قطار میں کتنے پودے لگیں گے؟

(ii) ایک قلم کی قیمت ١٠/روپے ہے۔ اسی طرح کے ٨/قلموں کی قیمت کتنی ہوگی؟

(iii) ٧/عدد برابر لمبائی والی چھڑیاں ہیں۔ ہر چھڑی کو برابر لمبائی کے حساب سے ١٠/ٹکڑے کرنے پر کل کتنے ٹکڑے ہونگے؟

(iv) ایک کار کے ٤/پہیے ہوتے ہیں۔ اسی طرح ١٠/عدد کاروں کے کتنے پہیے ہوں گے؟

- خالی جگہوں کو پر کیجیے:

٦، ١٢، ١٨، ......، ......، ......، ......، ......، ......، ٦٠

٧، ١٤، ٢١، ......، ......، ......، ......، ......، ......، ٧٠

٨، ١٦، ٢٤، ٣٢، ......، ......، ......، ......، ......، ٨٠

٩، ١٨، ٢٧، ٣٦، ......، ......، ......، ......، ......، ٩٠

١٠، ٢٠، ٣٠، ٤٠، ......، ......، ......، ......، ......، ١٠٠

- نیچے دیے ٹیبل میں پاس پاس کے دو خانوں میں موجود دو ہندسوں کا حاصل ضرب ٹیبل کے باہر موجود خانہ میں لکھیے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | | ٢٧ | |
| ٢ | ١ | ٢ | ٣ | |
| ٣٢ | ٨ | ٤ | ٩ | |
| | ٧ | ٦ | ٥ | ٣٠ |
| | ٥٦ | | | |

اسی طرح اور کوئی ٹیبل تیار کر کے اسے ١٠/ کے درمیان مختلف ہندسے لکھ کر پہلے کی طرح حاصل ضرب معلوم کر کے خالی خانوں میں لکھیے۔ دیکھیں کون کتنا حاصل ضرب لکھ سکتا ہے۔



توتے رانی کی دکان دیکھو
جوتے کیسے بیچ تی ہے دیکھو
بارہ چوہے اکٹھے ہویے
اپنے لیے جوتے اٹھایے
چھبیس چڑیاں آئیں
کتنے کتنے جوتے وہ لے جائیں گی؟
جوتا خریدنے کے لیے نہایت بے چین
مکڑے تھے ایک سو سولہ
حساب کر کے بتاؤ بچے
کس نے کتنے جوتے خریدے؟

ایک چوہا کے لیے ۴/ عدد جوتے

۱۲/ چوہے کے لیے جوتے کی ضرورت = ۱۲×۴

یہاں ۱۲/ ہوا مضروب اور ۴/ ہوا مضروبیہ

| |
|---|
| ۱۲ |
| ۴× |

ضرب کا عمل دائیں طرف سے (مضروب اکائی کے مقام سے شروع ہوتا ہے۔

**مضروب کا اکائی کے مقام کا ہندسہ مضربیہ کے ذریعہ ضرب**

۲/ اکائی ×۴/ = ۸/ حاصل ضرب میں اکائی کے مقام پر ہوگا۔

| |
|---|
| ۱۲ |
| ۴× |
| ۴۸ |

**مضروب کے دہائی کے مقام کے ہندسے کو مضروفیہ کے ذریعہ ضرب**

۱/ دہائی ×۴ = ۴ دہائی

حاصل ضرب میں دہائی کے مقام پر ۴ ہوگا۔

حاصل ضرب کے دہائی کے مقام پر ۴؍ اور اکائی کے مقام پر ۸؍

۴؍ دہائی ۸؍ اکائی = ۴۸؍



اب بتائیے چوہوں نے کتنے عدد جوتے خریدے

- ایک چڑیا کے ۲؍ عدد جوتے

۲۶؍ عدد چڑیوں کے لیے جوتوں کی ضرورت ۲×۲۶

اس کا حاصل مضروب کتنا ہے۔

اس کا حاصل مضروب کتنا ہے ______ مضروبیہ کتنا ہے ______

مضروبیہ کے اکائی مقام کے ہندسے کے ساتھ مضروب کی ضرب

۶؍ اکائی × ۲؍ = ۱۲؍ اکائی

۱۲؍ اکائی کو ۱ دہائی ۲؍ اکائی لکھا جاسکتا ہے

حاصل ضرب کی اکائی کے مقام میں ۲؍ اور دہائی کے مقام پر ۱؍ رہے گا۔

| دہائی | اکائی | |
|---|---|---|
| ۲ | ۶ | |
| | ۲ | × |
| ۱ | ۲ | |
| + ۴ | | |
| ۵ | ۲ | |

مضروبیہ کی دہائی کے مقام کے ہندسے سے ضرب:

۲؍ دہائی × ۲؍ دہائی = ۴؍ دہائی

حاصل ضرب میں دہائی کے مقام کے نیچے ۴؍ رہے گا

اب جمع کرنے سے حاصل جمع ۵۲؍ ہوگا۔ یعنی ۲۶ × ۲ = ۵۲



- ایک مکڑے کے لیے ۸؍ عدد جوتے

۱۱۶؍ مکڑے کے لیے کل جوتوں کی ضرورت = ۱۱۶ × ۸ عدد جوتے

اس میں مضروب کتنا ہے؟ ______

اور مضروبیہ کتنا ہے؟ ______

مضروب کی اکائی کے مقام کے ہندسہ سے مضروبیہ کی ضرب

۶؍ اکائی × ۸؍ = ۴۸؍ اکائی

۴۸؍ کو ۴؍ دہائی ۸؍ اکائی لکھا جاسکتا ہے۔

حاصل ضرب میں دہائی کے مقام پر ۴؍ اور اکائی کے مقام پر ۸؍ ہوگا

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | ۶ | |
| | | ۸ | × |
| | ۴ | ۸ | |
| | ۸ | ۰ | |
| ۸ | ۰ | ۰ | |
| ۹ | ۲ | ۸ | |

مضروب کی دہائی کے مقام کے ہندسے مضروبیہ کی ضرب:

۱ر دہائی × ۸ر = ۸ر دہائی

اس لیے حاصل ضرب میں دہائی کے مقام پر ۸ر ہوگا۔

مضروب کے سیکڑہ کے مقام پر ہندسہ سے مضروبیہ کا ضرب

۱ر سیکڑہ × ۸ر = ۸ر سیکڑہ

مختصر میں حاصل ضرب:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | ۶ | |
| | | ۸ | × |
| ۹ | ۲ | ۸ | |

حاصل ضرب میں سیکڑہ کے مقام پر ۸ر لکھا جائے گا۔

حاصل ضرب ہوا ۹ر سیکڑہ ۲ر دہائی ۸ر اکائی یا ۹۲۸ر

مکڑوں نے ۹۲۸ر عدد جوتے خریدے۔

- مثال دیکھ کر خالی جگہوں کو پر کیجیے:

۲۷ × ۱۰ = ۲۷۰      ۱۳ × ۱۰ = ۱۳۰

۶۱ × ۱۰ = ☐      ۳۴ × ۱۰ = ۳۴۰

۷۸ × ۱۰ = ☐      ۵۵ × ۱۰ = ☐

۱۰۰ × ۱۰ = ☐      ۸۶ × ۱۰ = ☐

۱۰ کے ذریعہ ضرب کیے جانے والے عدد اور ان کے حاصل ضرب کے درمیان فرق دیکھتے ہیں؟

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

جس عدد کو ۱۰ر کے ذریعہ ضرب کیا جائے مضروب کے دائیں طرف ایک عدد صفر '۰' لگانے سے اسکا حاصل ضرب معلوم ہو جاتا ہے۔

# مشق


1۔ یوم آزادی کے موقع پر ایک اسکول میں ہر بچہ کو ۳/عدد لڈو دیے گیے تو ۱۲۵/بچوں کو کتنے لڈّو دیے جائیں گے؟

جواب:

ایک بچہ کو ۳ لڈو — ۱۲۵

۱۲۵ بچوں کو = ۱۲۵ × ۳ = ...... لڈو — ۳ ×

2۔ کون تالہ کس چابی سے کھلے گا؟




3۔ حاصل ضرب معلوم کیجیے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۴۰۰ | ۲۰۶ | ۱۰۵ | ۱۴۳ | ۷۲ |
| ۲ × | ۴× | ۳× | ۶× | ۲ × |

4۔ نیچے لکھے سوالات کو حل کیجیے:

(i) ۱۶/عدد پھولوں کا ہار تیار کرنا ہے۔ ہر ہار میں ۸/عدد پھول ہوں تو کل کتنے پھولوں کی ضرورت ہوگی؟

(ii) بھوبنیشور سے کوراپٹ جانے کے لیے فی کس ریل کا کرایہ ۱۴۸/روپے ہے۔ ایک خاندان کے ۶ لوگ بھوبنیشور سے کوراپٹ ریل سے گیے تو بتائیے کہ کتنے روپے ریل کرایہ کے طور پر دیے؟

(iii) قیام الدین بابو کے بسکٹ کے کارخانہ میں فی گھنٹہ ۱۶۰/ پاؤ روٹیاں تیار ہوتی ہیں ۔تو ۶/ گھنٹوں میں کتنی پاؤ روٹیاں تیار ہوں گی؟


(iv) ہر ٹرے میں ۳۰/ عدد انڈے رہ سکتے ہیں تو اسی طرح ۹/ عدد ٹرے میں کتنے انڈے رہیں گے؟

(v) ایک ساڑی کی قیمت ۳۰۷/ روپے ہے تو اسی طرح کے ۳/ عدد ساڑیاں خریدنے پر کتنے روپے دینا پڑیں گے۔

(vi) ایک بیوپاری ہر کمرہ میں ۲۲۴/ عدد تیل کی ٹین رکھتا ہے۔تو وہ ۴/ کمروں میں کتنی عدد تیل کی ٹین رکھے گا؟

(vii) ایک فراک کی قیمت ۵۸/ روپے ہے عارف بابو اسی طرح کے ۱۰/ عدد فراک خریدیں تو بتائیے کہ دکاندار کو انھوں نے کتنے روپے دیئے؟


5۔ قینچی کے ذریعہ ضرب:




اسی طرح ۲×۸ اور ۴×۸ کو نقشہ کے ذریعہ دکھائیے۔

سبق 12:

# آؤ تقسیم کریں




7447R8

کس گروپ میں کتنے رہیں گے حساب کر کے کہیے۔

خرگوش تھے ۱۸

ان کا گروپ تھا ۳

ہر گروپ میں خرگوشوں کی تعداد ۶ / عدد



مرغی کے چوزے ..........عدد




ان کے گروپ کی تعداد..............عدد

ہر گروپ میں چوزوں کی تعداد...........عدد

• تمام پھولوں سے ۲/عدد مالائیں تیار کیجیے:





• ایک مالا میں پھولوں کی تعداد..................عدد

روشن، نسیمہ، رخسانہ اور نیلوفر نے کھانے کی ضد کی۔ نانی نے کہا ٹھیک ہے تم لوگ بیٹھو، میں ۱۲ عدد بیر لاتی ہوں۔
اسے میں برابر تقسیم کردوں گی۔ کسی کو بھی کم یا زیادہ نہیں ملے گا۔

نانی نے کس طرح چاروں کو برابر برابر تقسیم کی؟

نانی نے ہر ایک کو ایک ایک بیر دیا۔



نانی کے پاس کتنے بیر بچے؟

اس کے بعد نانی نے پھر سب کو ایک ایک بیر دیا۔



ہر ایک نے کتنا کتنا بیر پایا؟

نانی کے پاس اور کتنا بیر بچا؟

نانی نے پھر ایک ایک بیر سب کو دیا؟

نانی کے پاس اور بیر نہیں بچا۔ سبھی تقسیم ہو گیے۔



اب ہر بچے نے کتنے بیر پائے؟.............................

نانی کتنے عدد بیر لائی تھیں؟.......................... بیر برابر برابر کتنی تعداد میں تقسیم ہوئے؟..........................

ہر ایک کے حصہ میں کتنا بیر آیا؟..........................

اس بات کو دوسرے طریقے سے کہیے:









۱۲/عدد بیر کو ۴/ برابر حصے میں تقسیم کرنے سے ۳/عدد ہر ایک کے حصے میں آئیں گے۔

مختصراً ۱۲÷۴=۳


یہاں ۱۲/ ہوا مقسوم، ۴/ مقسوم علیہ اور ۳/ ہوا حاصل تقسیم

## مشق

1۔ نقشہ دیکھ کر لکھیے:


| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) |  |  | ۶÷۲=۳ |
| (ii) |  |  | ............÷............=............ |
| (iii) |  |  | ............÷............=............ |
| (iv) |  |  | ............÷............=............ |

2۔ (i) ۴/ برابر حصوں میں تقسیم کیجیے:




۲۰ ÷ ............ = ............

(ii) ۶/ برابر حصوں میں تقسیم کیجیے:




............ ÷ ............ = ............




(iii) ۵/ برابر حصوں میں تقسیم کیجیے:



............ ÷ ............ = ............

3۔ دیے گیے اشاروں کے مطابق چیزوں کو دائرہ کھینچ کر اکٹھا کیجیے اور خالی جگہوں کو پر کیجیے:

| | چیزیں | اشارہ | تقسیم | تقسیم میں ظاہر |
|---|---|---|---|---|
| (i) |  | ایک حصہ میں ۲/عدد پھل | حصوں کی تعداد ۴ | ۸÷۲=۴ |
| (ii) |  | ایک حصہ میں ۳/عدد پھل | | |

| چیزیں | اشارہ | تقسیم | تقسیم میں ظاہر |
|---|---|---|---|
| (iii)  | ایک حصہ میں ۶/عدد لٹو | | |
| (iv)  | ایک حصہ میں ۴/عدد کیلے | | |
| (iv)  | ایک حصہ میں ۶/عدد گیند | | |
| (vi)  | ایک حصہ میں ۷/عدد پھول | | |

4۔ ایک درخت سے ۱۸/عدد ناریل توڑے گیے۔ رحیم ہر دفعہ ۲/عدد ناریل گھر کو لے گیا تو وہ سب ناریل لینے میں اسے کتنے مرتبہ گھر جانا پڑے گا؟



5۔ مثالوں کو دیکھ کر خالی جگہوں کو پر کیجیے:

| | | |
|---|---|---|
| ۲ = ۵ ÷ ۱۰ | ۵ = ۲ ÷ ۱۰ | ۱۰ = ۲ × ۵ |
| ...... = ...... ÷ ...... | ۴ = ۳ ÷ ۱۲ | ۱۲ = ۳ × ۴ |
| ...... = ...... ÷ ...... | ...... = ...... ÷ ...... | ۳۰ = ۵ × ۶ |
| ...... = ...... ÷ ...... | ...... = ...... ÷ ...... | ۲۸ = ۴ × ۷ |
| ...... = ...... ÷ ...... | ...... = ...... ÷ ...... | ۴۵ = ۵ × ۹ |
| ...... = ...... ÷ ...... | ...... = ...... ÷ ...... | ۳۲ = ۴ × ۸ |

6۔ سامنے کے ٹیبل میں تلاش کیجیے اور کاپی میں لکھیے:

(i) ۳ کے ذریعہ تقسیم ہونے والے اعداد۔

(ii) ۵ کے ذریعہ تقسیم ہونے والے اعداد۔

(iii) ۶ کے ذریعہ تقسیم ہونے والے اعداد۔

(iv) ۴ کے ذریعہ تقسیم ہونے والے اعداد۔

(v) ۹ کے ذریعہ تقسیم ہونے والے اعداد۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵ | ۱۰ | ۱۱ | ۶ |
| ۳ | ۸ | ۲۵ | ۱۲ |
| ۲۴ | ۹ | ۲۵ | ۷ |
| ۱۸ | ۵ | ۲۱ | ۱۶ |
| ۱۵ | ۲۷ | ۸ | ۳۱ |

7۔

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱۰ | ۱۲ |


نیچے دیے گیے کارڈ کی قیمت معلوم کیجیے۔ اوپر کے عدد کو دیکھ کر اس میں رنگ بھریئے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۲۰ ÷ ۲ | ۱ × ۱۲ | ۱۲ ÷ ۲ | ۲ × ۶ | ۱۰ × ۱ |
| ۲۴ ÷ ۴ | ۲ × ۳ | ۳۶ ÷ ۳ | ۱ × ۶ | ۱۸ × ۳ |
| ۲ ÷ ۵ | ۲۴ ÷ ۲ | ۱۸ ÷ ۳ | ۳ × ۴ | ۳۰ × ۳ |

8۔ ان سب بیلون کو ۴ بچوں کے درمیان برابر تقسیم کرنے پر ہر بچے کو کتنے بیلون ملیں گے؟




9۔



یہ سب پہیے کتنے رکشوں میں لگائے جا سکتے ہیں؟

10۔ تقسیم کے اصول کے مطابق نقطوں میں سجائیے۔

- مثال:



۱۵ ÷ ۵ = ۳

(i) ۱۸ ÷ ۳ = ۶


(ii) ۲۸ ÷ ۴ = ۷

(iii) ۳۲ ÷ ۸ = ۴


(iv) ۳۵ ÷ ۷ = ۵



ترتیب وار تفریق کے ذریعہ تقسیم:




انڈے تھے آٹھ عدد
پہلے چوزے نکلے ۲ عدد
کتنے انڈے باقی بچے




۸
۲ -
---
۶ عدد

پھر ۲ عدد چوزے نکلے
اب کتنے انڈے بچے؟




۶
۲
---
۴ عدد

پھر ۲ عدد چوزے نکلے
اب کتنے انڈے بچے؟



۴
۲
---
۲ عدد

پھر ۲ عدد چوزے نکلے
اب کتنے انڈے بچے؟



۲
۲
---
۰ عدد

کتنے انڈے تھے؟
ہر ایک بار میں انڈوں سے چوزے نکلے؟
کتنی بار میں ۸ عدد انڈوں سے چوزے نکلے؟
آخر میں اور کتنے عدد انڈے بچے؟

۸عدد انڈے تھے۔

ہر بار ۲ عدد انڈوں سے چوزے نکلے۔

چار بار میں سبھی انڈوں سے چوزے نکلے۔

مختصراً ۸÷۲=۴

● اسی طرح ۱۸ سے ۳ کو تفریق کرتے چلیں:

۱۸-۳=۱۵ ‘۳’ کو تفریق کیا گیا ‘۱’ بار

۱۵-۳=۱۲ ‘۳’ کو تفریق کیا گیا ‘۱’ بار

۱۲-۳=۹ ‘۳’ کو تفریق کیا گیا ‘۱’ بار

۹-۳=۶ ‘۳’ کو تفریق کیا گیا ‘۱’ بار

۶-۳=۳ ‘۳’ کو تفریق کیا گیا ‘۱’ بار

۳-۳=۰ ‘۳’ کو تفریق کیا گیا ‘۱’ بار

---

اس تقسیم کے اصول کے مطابق کس طرح لکھا جائے گا؟ ۱۸÷۳=۶

## مشق

1۔ کتنے مرتبہ جا سکتے ہیں دیکھیے اور پر کیجیے:

| ۱۲ سے ۴ | ۱۸ سے ۶ | ۲۸ سے ۷ | ۳۵ سے ۵ | ۲۴ سے ۸ |
|---|---|---|---|---|
| ۱۲<br>۴ | | | | |
| ۸<br>۴ | | | | |
| ۴<br>۴ | | | | |
| ۰<br>۱۲÷۴=۳ | | | | |

2۔ دیے گیے اشاروں کے مطابق چیزوں کے گرد دائرہ بنائیے اور خالی جگہوں کو پر کیجیے:

| چیزیں | اشارہ | حصوں کی تعداد | تقسیم اصول |
|---|---|---|---|
|  | | ایک حصہ میں ۵/عدد گلاس | |
|  | | ایک حصہ میں ۳/عدد کپ | |
|  | | ایک حصہ میں ۷/عدد مگ | |
|  | | ایک حصہ میں ۷/عدد چمچے | |
|  | | ایک حصہ میں ۴/عدد بلب | |

3۔ ہر ایک قطار کے حاصل ضرب کو کس طرح تقسیم کے اصول میں ظاہر کیا جائے گا لکھیے:

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰÷۵=۴ | ۲۰÷۴=۵ | ۵×۴=۲۰ |
| ......÷......=...... | ......÷......=...... | ۶×۸=۴۸ |
| ......÷......=...... | ۳۵÷۷=...... | ......×......=...... |
| ۲۴÷۳=۸ | ......÷......=...... | ......×......=...... |
| ......÷......=...... | ......÷......=...... | ۹×۶=۵۴ |

4۔ تقسیم کے اصول کے مطابق نقطوں میں سجائیے:

(i) ۴۰ ÷ ۵ = ۸

(ii) ۶۳ ÷ ۷ = ۸

(iii) ۴۸ ÷ ۶ = ۸

(iv) ۲۷ ÷ ۹ = ۳

(v) ۷۲ ÷ ۸ = ۹

5۔ پہاڑا کو دھیان میں رکھتے ہوئے خالی جگہوں کو پر کیجیے:

۸÷۲=............ ۳۵÷۷=............

۱۲÷۳=............ ۴۵÷۹=............

۳۵÷۵=............ ۴۰÷۸=............

۳۰÷۶=............ ۲۴÷۴=............

6۔ بڑے عدد سے چھوٹے عدد کو کتنی بار تفریق کیا جاسکتا ہے بتائیے۔ اور اسے تقسیم اصول کے ذریعہ ظاہر کیجیے۔

(i) ۲۸ سے ۷ (ii) ۳۵ سے ۵ (iii) ۲۴ سے ۶

(iv) ۵۶ سے ۸ (v) ۷۲ سے ۹

7۔ خالی جگہوں کو بھریے:

(i) ۸۱ ÷ ۹ = ............

(ii) ۴۹ ÷ ۷ = ............

(iii) ۷۰ ÷ ۱۰ = ............

(iv) ۲۳۰ ÷ ۱۰ = ............

(v) ...... ÷ ۱۰ = ۱۱

8۔ ہر بار تفریق کر کے ہر تقسیم کا حاصل تقسیم معلوم کیجیے۔

۳۰ ÷ ۱۰ = ۳

۵۰ ÷ ۱۰ = ۵

۷۰ ÷ ۱۰ =

۹۰ ÷ ۱۰ =

۱۱۰ ÷ ۱۰ =

۱۴۰ ÷ ۱۰ =

۲۰۰ ÷ ۱۰ =

۱۸۰ ÷ ۱۰ =

(i) اس میں مقسوم اور حاصل تقسیم کے درمیان کیا تعلق دیکھتے ہیں؟


(ii) اس سے ہم نے کیا سیکھا؟

اکائی کے مقام میں صفر ہونے پر کسی بھی عدد کو ۱۰ سے تقسیم کرنے پر اس عدد کی اکائی کے مقام میں موجود صفر کو ہٹا کر جو عدد ملتا ہے وہ اس کا حاصل تقسیم ہو جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| 9۔ (i) تیسری جماعت میں بچوں کی تعداد ۳۶ ہے۔ ہر قطار میں اگر ۴ بچے بیٹھتے ہیں تو سبھی بچے کتنی قطاروں میں بیٹھ سکتے ہیں۔ | |
| (ii) ایک بسکٹ کے پاکٹ کی قیمت ۵/روپے ہے۔ سعدیہ کے پاس ۲۵/روپے ہے۔ وہ کتنے عدد بسکٹ کے پاکٹ خرید پائے گی۔ | |
| (iii) ۲۷ میٹر لمبی ایک رسی کو ۳ میٹر لمبائی کے حساب سے کتنے ٹکڑے کیے جا سکتے ہیں؟ | |
| (iv) ۲۷ عدد بیگن کے پودے کو ایک کیاری میں قطار در قطار لگانے پر ہر قطار میں ۸ پودے لگائے گئے تو پودے لگانے کے لیے کتنی قطاریں بنائی گئیں۔ | |

سبق:13

# ناپ کریں



تصویر میں ایک لڑکا ٹیبل کی لمبائی بالشت سے ناپ رہا ہے۔
آپ بھی اپنے ساتھیوں کے ساتھ اپنی اپنی بالشت سے کلاس روم کے ٹیبل کی لمبائی ناپیے اور نیچے کی فہرست کو پر کیجیے۔

| لڑکے کا نام | ٹیبل کی لمبائی |
|---|---|
| گوپال | ۸ بالشت |
| | |
| | |
| | |





اپنے تخت سیاہ کی لمبائی ہاتھ سے، سلیٹ کی انگلیوں سے اور ایک لاٹھی سے کلاس کی لمبائی ناپیے اور نیچے کی فہرست کو پر کیجیے۔

| بچوں کا نام | تخت سیاہ کی لمبائی | سلیٹ کی چوڑائی | کلاس روم کی لمبائی |
|---|---|---|---|
| دکشاء | ۸/ ہاتھ | ۱۳/ انگلی | ۱۰/ لاٹھی |
| پرشانت | | | |
| پربھات | | | |
| گیتا | | | |





انگلی اور ہاتھ کا ناپ دیکھیے۔ کیا سب ناپ برابر ہے؟
برابر نہ ہونے کی وجہ کیا ہے؟ لاٹھی کا سب ناپ برابر کیوں ہوا؟
ایک بڑے لمبے اسکیل کو دیکھیے۔

۰.....۱۰، ۱۰.....۲۰، ۲۰.....۳۰، ۸۰.....۹۰، ۹۰.....۱۰۰ کے درمیان چھوٹے چھوٹے نشانات کو دیکھیے۔ دو بڑے نشان کے درمیان کتنے چھوٹے چھوٹے نشان ہیں بتائیے۔ دو قریب کا چھوٹے نشان کے درمیانی فاصلہ کو ۱ر سنٹی میٹر۔ چھوٹے چھوٹے نشانات کو سینٹی میٹر کہتے ہیں۔

مشاہدہ کیجیے: **۱ میٹر = ۱۰۰ر سینٹی میٹر**

اسکیل سے آپ اپنے کلاس کی کھڑکی کی اونچائی اور چوڑائی اور برآمدہ کی چوڑائی ناپیئے۔

| لڑکا کا نام | کھڑکی کی اونچائی | کھڑکی کی چوڑائی | برآمدے کی چوڑائی |
|---|---|---|---|
| گوپال | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |


اپنے اسکول کے برآمدے کی لمبائی، باغیچہ کی لمبائی، کنویں کی رسی کی لمبائی آفس سے گیٹ تک کا فاصلہ وغیرہ دیکھیے اور اندازہ کر کے ان سب کی لمبائی کتنی ہوگی بتائیے۔ اسکیل سے ناپ کر کے لکھیے اور تمہارے اندازے کے ساتھ اسکیل کا ناپ کتنا ملتا ہے دیکھیے۔

| | اندازاً ناپ | اصلی ناپ |
|---|---|---|
| اسکول کے برامدے کی لمبائی | | |
| باغیچہ کی لمبائی | | |
| کنوئیں کی رسی کی لمبائی | | |
| آفس سے گیٹ تک کا فاصلہ | | |


● خالی جگہوں کو پر کیجیے:

| | |
|---|---|
| ۱ میٹر = | ۱۰۰ سینٹی میٹر |
| ۸ میٹر = | |
| ۷ میٹر = | |
| ۸ میٹر = | |
| ۴ میٹر = | |

کتاب، سلیٹ، قلم، پنسل، ربفل، وغیرہ چھوٹی چیزوں کا ناپ اسکیل سے لیا جاتا ہے۔




یہ ایک اسکیل کی تصویر ہے۔ اس کے بڑے نشان اور اعداد کو دیکھیے۔ دو قریب بڑے نشان کے درمیانی فاصلہ کو ا ر سینٹی میٹر کہتے ہیں۔ اس میں ۱، ۲، ۳، ........ ۱۵ تک لکھا ہے۔ یہ ۱۵ ر سینٹی میٹر والا ایک اسکیل ہے۔





پنسل کا ایک کنارا '۰' (صفر) کے اوپر ہے۔ پنسل کا نوکدار حصہ ۸ ر کے اوپر ہے۔ پنسل کی لمبائی ۸ سینٹی میٹر ہوئی۔
اسکیل کی مدد سے آپ کتاب، سلیٹ، پنسل، قلم کی لمبائی ناپیے۔ اور فہرست کو پر کیجیے۔

| شئے کا نام | ناپ |
|---|---|
| کتاب کی لمبائی | |
| سلیٹ کی لمبائی | |
| قلم کی لمبائی | |
| پنسل کی لمبائی | |

● اپنی چٹائی کی لمبائی، اسکول بیگ کی لمبائی، چوڑائی اور اونچائی اپنی حساب کاپی کی لمبائی سینٹی میٹر میں کتنی ہوگی؟ اندازہ لگا کر بتایئے اور ناپ کر دیکھیے آپ کا اندازہ کس حد تک صحیح ہوا۔

| | اندازاً ناپ | اصلی ناپ |
|---|---|---|
| چٹائی کی لمبائی | ۷۵ / سینٹی میٹر | ۶۴ / سینٹی میٹر |
| اسکول بیگ کی لمبائی | | |
| اسکول بیگ کی چوڑائی | | |
| اسکول بیگ کی اونچائی | | |
| حساب کاپی کی لمبائی | | |



ہاتھی قمیض پہنے گا
ہاتھی پینٹ پہنے گا
درزی کے پاس جا کر اپنا ناپ دیگا
قریب کا درزی بھائی
اس کا رستہ دیکھ رہا ہے
کون آتا ہے پوشاک کے لیے
ہاتھی کو آتا دیکھ کر
وہ ہوگیا خوش
فیتے سے اس نے ناپ لیا
بارہ میٹر کپڑا
لگے گا پوشاک میں
روپے آج دینے سے کپڑا خریدا جایے گا

درزی دکان میں قمیض کا ناپ فیتے سے لیتا ہے۔ اسکیل کی طرح فیتے سے ناپ لیا جاتا ہے۔ ناپنے کے فیتے کی یہ تصویر ہے۔ آپ ہر ایک کی اونچائی اسی فیتے سے ناپیئے اور ایک فہرست بنا کر ہر ایک کی اونچائی کا ناپ لکھیے۔



● آئیے حساب کریں:

(i) تمہارے کلاس روم کی لمبائی ۶ میٹر اور چوڑائی ۵ میٹر ہے۔ اس کی لمبائی اور چوڑائی مل کر کتنا ہوگا؟

۶ میٹر

\+ ۵ میٹر

= ۱۱ میٹر

(ii) کھیل کے میدان کی لمبائی ۱۸ میٹر ۵۰ سینٹی میٹر


کھیل کے میدان کی چوڑائی + ۱۱ میٹر ۲۵ سینٹی میٹر

۲۹ میٹر ۷۵ سینٹی میٹر


**جمع کرتے وقت میٹر کے ساتھ میٹر اور سینٹی میٹر کے ساتھ سینٹی میٹر جوڑا جاتا ہے۔**

## مشق


1۔ لمبائی ناپیے اور حساب کیجیے:



پہلی تصویر




دوسری تصویر



تیسری تصویر

| تصویر | AB اور CD ضلعوں کی لمبائی ملا کر | BC اور AD ضلعوں کی لمبائی ملا کر | قریب قریب دو ضلعوں کی لمبائی ملا کر (AD اور BC) |
|---|---|---|---|
| پہلی تصویر | | | |
| دوسری تصویر | | | |
| تیسری تصویر | | | |

2۔ تصویر دیکھیے اور حساب کیجیے:





=......+......=CE+AB

=......+......=AC+AB


=......+......=DB+ED

=......+......=DB+AB

3۔ سیما کس راستے سے جانے پر کم راستہ طے کر کے بس پکڑ سکے گی؟ کتنا فاصلہ (راستہ) کم ہوگا؟





4۔ بلّی کس راستے سے جا کر چوہے کو پکڑے تو اسے کم فاصلہ طے کرنا پڑے گا؟




5۔ لاٹھیوں کی لمبائی ناپیے اور دیکھیے:

میٹر




پہلی لاٹھی اور دوسری لاٹھی کی لمبائی کے درمیان فرق = ۱۱/میٹر - ۴/میٹر = ۷/میٹر

تیسری لاٹھی اور دوسری لاٹھی کی لمبائی کے درمیان فرق =

تیسری لاٹھی اور چوتھی لاٹھی کی لمبائی کے درمیان فرق =

پانچویں لاٹھی اور تیسری لاٹھی کی لمبائی کے درمیان فرق =

پانچویں لاٹھی اور دوسری لاٹھی کی لمبائی کے درمیان فرق =

6۔ حساب کیجیے اور لکھیے :

سرکس کے مختلف جانوروں کی پوشاک بنانے کے لیے کتنی مقدار میں کپڑے کی ضرورت ہوگی۔ اس پر غور کر کے مندرجہ ذیل کے سوالوں کا جواب لکھیں۔





| | |
|---|---|
| بندر | ۱ میٹر ۲۰ سینٹی میٹر |
| بلّی | ۶۰ سینٹی میٹر |
| بھالو | ۲ میٹر ۲۵ سینٹی میٹر |
| ہاتھی | ۵ میٹر |
| باگھ | ۳ میٹر ۲۵ سینٹی میٹر |




بندر اور بلّی کے لیے کپڑے کی ضرورت = .................. + .................. = ..................

بھالو اور بندر کے لیے کپڑے کی ضرورت = .................. + .................. = ..................

چیتا اور بلّی کے لیے کپڑے کی ضرورت = .................. + .................. = ..................

ہاتھی اور چیتا کے لیے کپڑے کی ضرورت = .................. + .................. = ..................

ہاتھی اور بندر کے لیے کپڑے کی ضرورت = .................. + .................. = ..................

(i) کن دو جانوروں کے لیے زیادہ کپڑے کی ضرورت ہے؟ کن دو کے لیے کم کپڑے کی ضرورت ہے؟

(ii) کن دو کے لیے ۷ میٹر ۲۵ سینٹی میٹر کپڑے کی ضرورت ہوگی؟

(iii) کن دو کے لیے ۶ میٹر ۲۰ سینٹی میٹر کپڑے کی ضرورت ہوگی؟

(iv) کن دو کے لیے ۵ میٹر ۶۰ سینٹی میٹر کپڑے کی ضرورت ہوگی؟

(v) کن دو کے لیے ۵ میٹر ۵۰ سینٹی میٹر کپڑے کی ضرورت ہوگی؟

7۔ دیکھیے اور لکھیے:




(i) ہری، پپن سے کتنا اونچا ہے؟


(ii) نریش، گنیش سے کتنا اونچا ہے؟

(iii) گنیش، رام سے کتنا اونچا ہے؟

(iv) نریش، پپن سے کتنا اونچا ہے؟

(v) ہری، گنیش سے کتنا اونچا ہے؟

8۔ باگھ کے گھر سے کس کا فاصلہ کتنا ہے؟




کتنا فاصلہ ہے حساب کر کے بتائیے:

(i) گیدڑ کی گپھا سے بھالو کی گپھا تک

(ii) بھالو کی گپھا سے ہرن کے گھر تک


(iii) سانپ کے بل سے گیدڑ کی گپھا تک

(iv) ہرن کے گھر سے سانپ کے بل تک

(v) گیدڑ کی گپھا سے ہرن کے گھر تک

(vi) بھالو کی گپھا سے سانپ کے بل تک

9۔



تصویر دیکھ کر مختلف اشیاء کی لمبائی بتایئے اور مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دیجیے:

(i) پنسل ریفل سے کتنی چھوٹی ہے؟

(ii) قلم، پنسل سے کتنا بڑا ہے؟

(iii) اسکرو، کانٹے سے کتنا چھوٹا ہے؟

(iv) قلم ریفل سے کتنا چھوٹا ہے؟

(v) ریفل کانٹے سے کتنا بڑا ہے؟

(vi) قلم، کانٹے سے کتنا بڑا ہے؟

10۔ خالی جگہوں کو پر کیجیے:

(i) ۱۴۰سینٹی میٹر = ۱ میٹر ۴۰ سینٹی میٹر

(ii) ۳۷۵سینٹی میٹر = ..........میٹر ..........سینٹی میٹر

(iii) ۵۸۵سینٹی میٹر = ..........میٹر ..........سینٹی میٹر

(iv) ۹۸۸سینٹی میٹر = ..........میٹر ..........سینٹی میٹر

11۔ خالی جگہوں کو پر کیجیے:

(i) ۲ میٹر ۲۵ سینٹی میٹر + ۷ میٹر ۵۰ سینٹی میٹر = ۹ میٹر ۷۵ سینٹی میٹر

(ii) ۵ میٹر ۵۰ سینٹی میٹر + ۴ میٹر ۴۰ سینٹی میٹر = ...... میٹر ......سینٹی میٹر

(iii) ۱۷۵ میٹر ۳۵ سینٹی میٹر + ۳۵۷ میٹر ۶۰ سینٹی میٹر = ...... میٹر ......سینٹی میٹر

(iv) ۳۰۵ میٹر ۳۵ سینٹی میٹر + ۳۹ میٹر ۵ سینٹی میٹر = ...... میٹر ......سینٹی میٹر

12۔ خالی جگہوں کو پر کیجیے:

(i) ۱۹ میٹر ۷۵ سینٹی میٹر - ۱۸ میٹر ۵۰ سینٹی میٹر = .....................

(ii) ۱۳۰ میٹر ۸۱ سینٹی میٹر - ۳۰ میٹر ۱۹ سینٹی میٹر = .....................


(iii) ۷۸۹ میٹر ۹۰ سینٹی میٹر - ۳۸۴ میٹر ۷۵ سینٹی میٹر = .....................

میٹر سے میٹر کو اور سینٹی میٹر سے سینٹی میٹر کو تفریق کیا جاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| 13۔ والد صاحب نے دکان سے سیما کے فراک کے لیے ۳ میٹر ۷۵ سینٹی میٹر اور پینٹ کے لیے ایک میٹر ۲۰ سینٹی میٹر کپڑا خریدا۔ تو کل ملا کر کتنا کپڑا خریدا؟ | فراک کے لیے کپڑا خریدا ۳ میٹر ۷۵ سینٹی میٹر<br>پینٹ کے لیے کپڑا خریدا ۱ میٹر ۲۰ سینٹی میٹر<br>کل کپڑوں کی خریدی = ۴ میٹر ۹۵ سینٹی میٹر |
| 14۔ ریما نے ۳۵ میٹر ۵۵ سینٹی میٹر اور لینا ۲۷ میٹر ۳۰ سینٹی میٹر سوت کاٹے۔ دونوں نے کتنے سوت کاٹے۔ | ریما کی کاٹی ہوئی سوت ۳۵ میٹر ۵۵ سینٹی میٹر<br>لینا کی کاٹی ہوئی سوت .....................<br>دونوں کی کاٹی ہوئی کل سوت ..................... |
| 15۔ پتنگ اڑانے کے لیے رحیم نے ۱۱۵ میٹر ۵۰ سینٹی میٹر اور سلیم نے ۸۷ میٹر ۲۶ سینٹی میٹر دھاگا دکان سے خریدا۔ دونوں نے کل ملا کر کتنا دھاگا دکان سے خریدا؟ | رحیم کا خریدا ہوا دھاگا .....................<br>سلیم کا خریدا ہوا دھاگا .....................<br>کل خریدا ہوا دھاگا ..................... |
| 16۔ آپ کے گھر سے اسکول کا فاصلہ ۹۷۵ میٹر ہے۔ آپ نے ۵۸۰ میٹر پیدل طے کیا۔ باقی راستہ اپنے دوست کے ساتھ سائکل سے گیے۔ کتنا راستہ سائکل سے طے کیا؟ | گھر سے اسکول تک کا فاصلہ .....................<br>پیدل گیے .....................<br>باقی راستہ .....................<br>.....................میٹر سائکل سے گیے۔ |

| | |
|---|---|
| 17۔ ایک کوئیں کی گہرائی ۷۵ میٹر ۸۰ سنٹی میٹر ہے آپ کے پاس ۳۶ میٹر لمبی ایک رسّی ہے۔ اور کتنی میٹر (لمبی) رسّی جوڑنے پر آپ کوئیں سے پانی نکال سکتے ہیں؟ | |
| 18۔ آپ کے گھر سے اسپتال کا فاصلہ ۴۴۰ میٹر ۴۰ سنٹی میٹر ہے۔ اسپتال جا کر گھر واپس آنے پر آپ نے کل کتنا راستہ طے کیا ہوگا؟ | |

19۔ تصویر میں برابر لمبائی کو تیر کے نشان کی مدد سے جوڑیئے۔



سبق:14

# وزن اور مقدار کی جانکاری



پرنیہ گاؤں کے چوک پر ڈھنڈورا بجا۔ ڈھنڈورا بجانے والا ! اعلان کر رہا تھا ''سنو! سنو! سنو!'' راشن کی دکان میں چینی، چاول گیہوں اور مٹی کا تیل مناسب قیمت پر ملتا ہے۔ شام کے وقت دکان کھلی رہے گی۔

اسلم یہ سن کر دوڑتا ہوا گھر پہنچا اور ماں سے کہا'' ماں، ڈھونڈورا والا کہہ رہا تھا آج چینی، گیہوں، چاول اور مٹی کا تیل راشن کی دکان میں ملے گا۔



ماں: '' ہمیں ۴ کیلو ۷۵۰ گرام چینی، ۸ کیلو ۵۰۰ گرام چاول اور ۲ لیٹر ۵۰۰ ملی لیٹر مٹی کا تیل ملے گا۔ شام کے وقت اسکول سے لوٹ کر دکان جاؤ اور چیزیں لے آؤ''

اسلم بڑی مشکل میں پڑ گیا۔ اس نے یہ سب باتیں نہ پہلے سنی تھیں اور نہ ہی ان سے واقف تھا۔ چیزیں وہ ٹھیک ٹھیک کس طرح لائے گا۔

اسلم اسکول گیا۔ استاد کو ان چیزوں کے بارے میں دریافت کیا۔ استاد سبھی بچوں کو لے کر ایک دکان پر گیے۔

● پہلے کی تصویر دیکھ کر بتائیے:

کس چیز سے دکان میں مختلف چیزیں وزن کی جاتی ہیں۔

مختلف قسم کے بٹکروں کو پہچانیئے۔




۲ کیلوگرام　　۱کیلوگرام　　۵۰۰ گرام　　۲۰۰ گرام　　۱۰۰گرام　　۵۰ گرام　　۲۰ گرام　　۱۰ گرام


● دوکان میں ترازو اور بٹا سے کن کن چیزوں کو وزن کیا جاتا ہے فہرست بنائیے۔

.....................................................................................

.....................................................................................

.....................................................................................

● ذیل کی تصویر کو دیکھیے۔ سبھی بٹا کا موازنہ کیجیے اور سمجھیے:




اس سے ہم نے یہ سیکھا:



۱کیلوگرام= ☐ گرام　　　آدھا کیلوگرام= ☐ گرام

کیلوگرام کو مختصر کے جی اور گرام کو گرام لکھا جاتا ہے۔ بچے استاد کے ساتھ اسکول کو واپس چلے آیے۔

- نیچے لکھی ہوئی چیزوں کو لانے کے لیے کس کس بٹا کا استعمال کیا جایے گا تصویر بنا کر دکھائیے:

| | |
|---|---|
| ۲۵۰ گرام | |
| ۳۵۰ گرا | |
| ۷۰۰ گرا | |
| ۸۰۰ گرا | |
| ۴۵۰ گرام | |

- مندرجہ ذیل کے بٹا کو دیکھیے اور کل کتنے وزن ہیں اسے بتائیے:

| | |
|---|---|
|   | ۷۵۰ گرام |
|   | ......کیلو گرام |
|   | ......کیلو......گرام |
|   | ......کیلو......گر م |
|   | ......کیلو......گر م |

اسکول کی چھٹی ہونے کے بعد اسلم گھر واپس آیا۔ شام کو راشن کی دکان پر گیا۔ راستہ میں اس کے دوست احمد سے ملاقات ہوئی۔ دونوں دکان پر پہنچے۔ دکان میں مٹی کا تیل ختم ہو چکا تھا۔ اسلم ۴ کیلو ۷۵۰ گرام چینی۔ ۸ کیلو ۵۰۰ گرام چاول اور احمد نے ۲ کیلو ۱۰۰ گرام چینی اور ۴ کیلو ۲۰۰ گرام چاول خریدا۔

• چاول اور چینی خریدنے کے لیے جن باٹوں کا استعمال ہوا ان کی تصویر بنایئے:

| | |
|---|---|
| ۴ کیلوگرام ۷۵۰ گرام | |
| ۴ کیلوگرام ۵۰۰ گرام | |
| ۴ کیلوگرام ۱۰۰ گرام | |
| ۴ کیلوگرام ۲۰۰ گرام | |




• اسلم اور احمد نے کل ملا کر کتنا کیلو چینی خریدا؟

اسلم نے چینی خریدا ۴ کیلو ۷۵۰ گرام

احمد نے چینی خریدا ۲ کیلو ۱۰۰ گرام

کل ملا کر چینی خریدا گیا ۶ کیلو ۸۵۰ گرام

وزن کو جمع کرتے وقت کیلوگرام کو کیلوگرام کے ساتھ اور گرام کو گرام کے ساتھ جوڑا جاتا ہے۔

• اسلم اور احمد نے کل ملا کر کتنا چاول خریدا؟

اسلم نے چاول خریدا ......کیلو ......گرام

احمد نے چاول خریدا ......کیلو ......گرام

کل ملا کر چاول خریدا گیا ......کیلو ......گرام

• اسلم نے احمد سے کتنا کیلو زیادہ چینی خریدا؟

اسلم نے چینی خریدا ......کیلو ......گرام

احمد نے چینی خریدا ......کیلو ......گرام

اسلم نے زیادہ چینی خریدا ......کیلو ......گرام

• اسلم نے احمد سے کتنا کیلو زیادہ چاول خریدا؟

اسلم نے چاول خریدا ......کیلو ......گرام

احمد نے چاول خریدا ......کیلو ......گرام

اسلم نے زیادہ چاول خریدا ......کیلو ......گرام

تفریق کرتے وقت کیلوگرام سے کیلوگرام اور گرام سے گرام کو تفریق کیا جاتا ہے۔

# مشق

1۔ خالی جگہوں کو پر کیجیے:

| گرام | کیلوگرام | |
|---|---|---|
| ۲۵۰ | ۱۵ | |
| ۵۰۰ | ۸ | + |
| | | |

| گرام | کیلوگرام | |
|---|---|---|
| ۳۵۰ | ۹ | |
| ۶۰۰ | ۷ | + |
| | | |

| گرام | کیلوگرام | |
|---|---|---|
| ۴۰۰ | ۲۳ | |
| ۰۵۰ | ۷ | + |
| ۰۷۵ | ۰ | + |
| | | |


| گرام | کیلوگرام | |
|---|---|---|
| ۷۵۰ | ۱۸ | |
| ۳۲۵ | ۳ | − |
| | | |

| گرام | کیلوگرام | |
|---|---|---|
| ۷۰۰ | ۹۰ | |
| ۲۲۵ | ۵۷ | − |
| | | |

| گرام | کیلوگرام | |
|---|---|---|
| ۰۵۰ | ۱۰ | |
| ۰۲۵ | ۳ | − |
| | | |

2۔ چیتا، بھالو، گیدڑ اور بندر ناؤ سے ندی پار ہوکر میلہ دیکھنے نکلے۔ بلّی ملاح بن کر ناؤ چلا رہی تھی۔ ندی میں زیادہ پانی تھا۔ بلّی بولی میں ایک مرتبہ میں دو سے زیادہ نہیں لے جا سکتی ہوں اور میرے وزن کے علاوہ ۷۰ کیلو ۷۵۰ گرام سے زیادہ نہیں لے سکتی ہوں۔

جس جوڑی کے ناؤ پر جانے سے ناؤ ڈوب سکتی ہے اس پر 'X' نشان لگائیے :




| | | |
|---|---|---|
| (i) | چیتا | بندر |
| (ii) | بھالو | بندر |
| (iii) | چیتا | گیدڑ |
| (iv) | بندر | گیدڑ |
| (v) | چیتا | بھالو |
| (vi) | بھالو | گیدڑ |

3۔ رام بابو کا ایک بے وقوف نوکر تھا۔ اسے بکس لے کر اسٹیشن جانے کے لیے کہا۔ بکس کا وزن ۹۶ کیلو گرام ۶۰۰ گرام۔ نوکر کو بکس وزنی محسوس ہوا اس نے اپنے دل میں سوچا بابو مجھے بکس لے جانے کہے ہیں۔ اس کے اندر موجود چیزوں کو نہ لے جاؤں تو چلے گا۔ یہ سوچ کر اس نے سب چیزوں کو پھینک دیں۔ اسٹیشن میں دیکھا گیا تو بکس خالی تھا۔ خالی بکس کا وزن تھا ۳۵ کیلو گرام ۵۵۰ گرام۔ نوکر نے کتنے وزن کا سامان پھینکا تھا؟

آؤ امتحان کریں:

- ایک ترازو لیں۔ اس کے بائیں پلڑے میں ایک کیلو گرام وزن کا بٹا ڈالیں۔ برابر وزن کی اینٹ داہنے پلڑے پر ڈالیں۔
- داہنے پلڑے میں ڈالی گئی اینٹ کا وزن کتنا ہے؟
- اب اینٹ کو توڑ کر تین چار حصہ کریں۔
- اینٹ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کا وزن جمع کرنے پر کتنا ہوگا؟
- ترازو کے بائیں پلڑے میں ایک کیلو گرام کا بٹا رکھیں داہنے پلڑے میں چھوٹے چھوٹے اینٹوں کو رکھیں۔



کسی ایک خاص وزن کی چیز کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر دینے پر بھی چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کا وزن اصل چیز کے وزن برابر ہوگا

آؤ اور ایک کام کریں:

- کچھ مٹی حاصل کریں۔
- اسے دو برابر وزن کا گولا بنائیں۔
- مٹی کے دونوں گولے کو الگ الگ کاغذ پر رکھیں۔ دونوں کاغذ کے اوپر ''الف'' اور ''ب'' لکھیں۔
- ''ب'' لکھے کاغذ کی مٹی کو چھوٹے چھوٹے ۴ یا ۵ حصوں میں تقسیم کریں اور ایک حصہ کو پھینک دیں۔
- اب ''الف'' لکھے ہوئے کاغذ کے اوپر مٹی کے گولے کا وزن اور ''ب'' لکھے ہوئے کاغذ پر مٹی کے گولے کا وزن کیا برابر ہوگا؟
- ایکساں کیوں ہوا لکھیے۔



کدو اور لوکی کے درمیان جھگڑا ہوا کہ کس کا وزن زیادہ ہے؟
فیصلہ کے لیے دونوں کسان کے پاس گئے۔ ترازو کے دونوں پلڑے میں دونوں کو رکھا گیا۔ کس کا وزن زیادہ کسان نے ۲ کیلوگرام وزن کا بٹا لوکی کے پاس رکھ دیا۔ اب دونوں پلڑے کا وزن برابر ہو گیا۔

- کدو کا وزن لوکی کے وزن سے کتنا زیادہ ہے؟
- لوکی کا وزن کدو کے وزن سے کتنا کم ہے؟

سبزی خریدتے وقت دکان دار کو آپ نے دیکھا ہوگا ترازو کے کس پلڑے میں کیا رکھا جاتا ہے اور کتنے وزن کا سامان فروخت کیا جاتا ہے۔ آپ اپنے دوست کو بتائیے۔

## سیال (بہنے والی چیز) مادے کی پیائش

نیچے دیے گئے مختلف ناپ کے پیمانے کا مشاہدہ کیجیے۔




۱ لیٹر    ۵۰۰ ملی لیٹر    ۲۰۰ ملی لیٹر    ۱۰۰ ملی لیٹر    ۵۰ ملی لیٹر

ان پیمانوں سے دکان میں کیا کیا (کون کون سی چیزیں) ناپا جاتا ہے فہرست بنائیے۔ زیادہ وزن کی رقیق چیزوں کو ناپنے کے لیے بڑے بڑے پیمانے بھی استعمال کیے جاتے ہیں۔




۱۰ لیٹر    ۵ لیٹر    ۲ لیٹر    ۱ لیٹر



ملی لیٹر کو مختصر می لی اور لیٹر کو مختصراً لی لکھتے ہیں۔
انھیں مختصر طور پر لکھیے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۵ لیٹر | | = | ۵ لی ۲۵۰ می لی | ۲۵۰ ملی لیٹر |
| ۶ لیٹر | ۲۵۰ ملی لیٹر | = | ۵ لی ۲۵۰ می لی | |
| ۵ لیٹر | ۲۵۰ لیٹر ملی | = | ۵ لی ۲۵۰ می لی | |
| ۳ لیٹر | ۲۵۰ لیٹر ملی | = | ۵ لی ۲۵۰ می لی | |

- کون کون سے پیمانے یا برتن کی ضرورت ہوگی لکھیے :

| | |
|---|---|
| ۵۵۰ر می لی | |
| ۳۵۰ر می لی | |
| ۱ر لی ۷۵۰ر می لی | |
| ۳ر لی ۳۰۰ر می لی | |
| ۵ر لی | |
| ۲ر لی ۵۰۰ر می لی | |

- ہر صف کے لیے پیمانوں سے ایک ایک مرتبہ پورا پورا دودھ دیا جایے تو کتنے مقدار میں دودھ دیا جایے گا۔

| | |
|---|---|
|   | |
|   | |
|   | |
|   | |
|   | |
|   | |

ویویک دودھ والے سے ۲ لیٹر ۵۰۰ ملی لیٹر اور رانو ۳ لیٹر ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ لے کر آیے ۔ دونوں کل ملا کر کتنی مقدار میں دودھ لایے۔



| | | |
|---|---|---|
| ویویک لایا | ۲ لیٹر | ۵۰۰ ملی لیٹر |
| رانو لائی | ۳ لیٹر | ۲۵۰ ملی لیٹر |
| کل دودھ | ۵ لیٹر | ۷۵۰ ملی لیٹر |

سیال ( بہنے والی چیز ) کے مقدار کی ناپ جوڑتے وقت لیٹر کو لیٹر اور ملی لیٹر کو ملی لیٹر کے ساتھ جوڑا ( جمع ) جاتا ہے۔


- سونو اور سلمہ سرسوں کا تیل لانے کے لیے دکان گیے ۔ سونو ۳ لیٹر ۲۰۰ ملی لیٹر اور سلمہ ۴ لیٹر ۳۰۰ ملی لیٹر تیل لائی۔ دونوں کتنی مقدار میں تیل لائے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| | سونو نے خریدا | .................. لیٹر | .................. ملی لیٹر |
| + | سلمہ نے خریدا | .................. لیٹر | .................. ملی لیٹر |
| | کل تیل خریدا گیا | .................. لیٹر | .................. ملی لیٹر |

- سونو کی بہ نسبت سلمہ نے کتنی مقدار میں زیادہ تیل خریدا؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| | سلمہ نے خریدا | .................. لیٹر | .................. ملی لیٹر |
| - | سونو نے خریدا | .................. لیٹر | .................. ملی لیٹر |
| | سلمہ نے زیادہ خریدا | .................. لیٹر | .................. ملی لیٹر |

- نیچے کی دونوں تصویروں کو دیکھیے ۔



کس برتن میں زیادہ پانی نظر آتا ہے؟

- اب الگ الگ برتن لیں۔
- دونوں برتنوں میں برابر مقدار کا پانی ڈھالیں۔
- کس برتن میں زیادہ پانی رہ سکتا ہے؟
- اپنے دوست سے پوچھیں کہ کس برتن میں زیادہ پانی ہے؟
- کیا حقیقت میں دونوں برتنوں کے پانی کی مقدار الگ الگ ہے؟

ایک خاص مقدار کے سیال مادے کو مختلف ڈھانچے کے برتنوں میں رکھیں تو اس کی مقدار نہ کم ہوتی ہے اور نہ بڑھتی ہے۔

اب کہیے:

ایک بڑے برتن میں کچھ پانی لیا گیا۔اسی پانی سے کچھ پانی کو ایک برتن میں رکھا گیا۔باقی پانی کو دوسرے برتن میں رکھا گیا۔بڑے برتن کے پانی کی مقدار ہر چھوٹے برتن کے پانی کی مقدار سے زیادہ ہوگی یا کم ؟ کیا چھوٹے برتن کے پانی کی مقدار بڑے برتن کے پانی کی مقدار سے زیادہ ہے؟

## مشق

1۔ اپنے گھر میں تیل، پانی، دودھ وغیرہ سیال (بہنے والی) چیزوں کو رکھنے کے لیے جن برتنوں کا استعمال کیا جاتا ہے فہرست بنائیے۔کم سے زیادہ پانی سمانے والے برتنوں کے نام ترتیب سے لکھیں۔

2۔ ایک بوتل لیں جس میں ایک لیٹر پانی رہ سکتا ہے۔ایک کاغذ میں ایک لیٹر لکھ کر اسی بوتل پر چپکا دیں۔

- اسکول میں اور گھر میں مختلف اقسام کے برتن (بوتل، کپ مگ، بالٹی، گلاس وغیرہ) حاصل کریں۔
- ایک لیٹر والی بوتل میں پورا پانی لے کر ہر برتن میں ڈھالیں۔
- کس کس برتن میں ایک لیٹر سے زیادہ اور کس کس برتن میں ایک لیٹر سے کم پانی سماتا ہے لکھیں اور برتنوں کا نقشہ بنائیں۔

3۔ تصویر میں بنے پلہ پر گمشدہ عدد کو لکھیں:

(i)




(ii)




(iii)




4۔ صراحی میں ۲ لیٹر، گلاس میں ۲۰۰ ملی لیٹر اور گینے میں ۱۰۰ارملی لیٹر پانی سماتا ہے۔



100 ml



200 ml



2 Ltr.

(i) کتنے گینوں کے پانی سے صراحی پر ہو جایے گی؟
(ii) کتنے گینوں کے پانی سے گلاس بھرتی ہوگا؟
(iii) ایک صراحی پانی پھر کتنے گلاس میں رہ سکتا ہے؟
(iv) ایک صراحی پانی پھر سے کتنا گینہ پانی مل سکتا ہے؟

5۔ خالی جگہوں میں جواب لکھیں:

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۵ لیٹر | ۶۴ لیٹر | ۸۹ لیٹر | ۲۵۰ ملی لیٹر |
| + ۱۲ لیٹر | + ۱۵ لیٹر | +۱۶ لیٹر | + ۵۰۰ ملی لیٹر |
| ........... | ........... | ........... | ........... |
| ........... | ........... | ........... | ........... |

| | | |
|---|---|---|
| ۳۲ لیٹر ۴۵۰ ملی لیٹر | ۱۰ لیٹر ۱۰۰ ملی لیٹر | ۲ لیٹر ۲۵۰ ملی لیٹر |
| +۲۸ لیٹر ۲۰۰ ملی لیٹر | +۶۹ لیٹر ۱۵۰ ملی لیٹر | +۳ لیٹر ۵۰ ملی لیٹر |
| +۱۲ لیٹر ۱۵۰ ملی لیٹر | +۲۸ لیٹر ۲۵۰ ملی لیٹر | +۱۶ لیٹر ۶۰۰ ملی لیٹر |
| ........................ | ........................ | ........................ |
| ........................ | ........................ | ........................ |

| | | |
|---|---|---|
| ۷۶ لیٹر ۶۴۰ ملی لیٹر | ۶۸ لیٹر ۲۵۰ ملی لیٹر | ۶ لیٹر ۴۵۰ ملی لیٹر |
| -۵۴ لیٹر ۳۲۵ ملی لیٹر | -۲۹ لیٹر ۱۰۰ ملی لیٹر | -۴ لیٹر ۳۷۵ ملی لیٹر |
| ........................ | ........................ | ........................ |
| ........................ | ........................ | ........................ |

6۔ حل کریں:

(i) ایک جار میں ۲۵۰ لیٹر مٹی کا تیل رہ سکتا ہے۔ دوسرے ایک جار میں ۱۷۵ لیٹر مٹی کا تیل رہتا ہے۔ دونوں جاروں میں کل کتنا مٹی کا تیل رہے گا؟

| | |
|---|---|
| پہلے جار میں مٹی کا تیل | ۲۵۰ لیٹر |
| دوسرے جار میں مٹی کا تیل | ۱۷۵ لیٹر |
| کل مٹی کا تیل | ...... لیٹر |

(ii) سیتا ایک لیٹر ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ پی گئی۔ گیتا ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ پی گئی۔ دونوں نے مل کر کتنا دودھ پیا؟


(iii) ایک چائے کے دکان دار نے صبح ۱۵ لیٹر ۵۰۰ ملی لیٹر دودھ خریدا۔ شام کو اسکے پاس آٹھ لیٹر ۲۰۰ ملی لیٹر دودھ بچ گیا۔ اس نے چایے میں کتنا دودھ استعمال کیا؟

(iv) رمیش بھوبنیشور سے......................................................................

(v) دودھ والا روزانہ گوبند بابو کے گھر میں ۲ لیٹر ۲۰۰ ملی لیٹر دودھ دیتا ہے۔ ایک دن اس نے ۱۵۰ ملی لیٹر کم دودھ دیا۔ بتایئے اس دن کتنی مقدار میں دودھ دیا؟

(vi) رام بابو دکان سے ۱ لیٹر ۱۰۰ ملی لیٹر سرسوں کا تیل لائے۔ مالتی اس سے ۶۰۰ ملی لیٹر زیادہ تیل لائی۔ دونوں کل ملا کر کتنا تیل لائے۔

7۔





ہر صراحی میں ۱۶ لیٹر ۸۵۰ ملی لیٹر پانی ہے۔ کس نے کتنا پانی پیا؟

| | بندر | خرگوش | بلّی | چوہا |
|---|---|---|---|---|
| کس نے کتنا پانی پیا | | | | |
| پانی بچ گیا | | | | |

8۔ ایک کونڈ میں ۵ لیٹر پانی رہتا ہے۔ ہر گھنٹے تین لیٹر پانی کونڈ کے اندر آتا ہے اور ۲ لیٹر پانی کونڈ سے باہر نکلتا ہے۔ تو کتنے وقت میں کونڈ بھری ہوگا؟

9۔ ہر جوڑے برتن میں سے چھوٹے برتن میں پورا پانی لے کر بڑے برتن میں ڈالیں۔ چھوٹے برتن سے کتنا پانی ڈالنے سے بڑا برتن پر ہوگا اندازے سے بتائیں اور لکھیں۔














سبق: 15

# کیلینڈر سے سیکھیں



نٹ کھٹ چوتھی جماعت میں پڑھتا ہے۔ بہت چالاک ہے۔ اس نے تیسری جماعت کے لڑکوں کو جادو دکھانے کے لیے بلایا۔ بولا مجھے ایسا جادو معلوم ہے، سال کی کون سی تاریخ کس دن ہوگی میں پہلے سے بول سکتا ہوں۔

چٹ پٹ نے پوچھا۔ ۲۰۰۹ء میں جنوری کی ۲۳ تاریخ کس دن تھی؟ ہرینگ، کرینگ برانگ، پرینگ شرینگ۔ جنوری کی ۲۳ تاریخ جمعہ کے دن تھی۔ اس دن نیتا جی سبھاش چندر بوس کا جنم دن اسکول میں منایا گیا تھا۔

سبھوں کو حیرت ہوئی۔

گھر آکر چٹ پٹ نے والد کو یہ بات بتائی۔ والد چٹ پٹ کو بولے ''تم اگر کیلینڈر استعمال جان لوگے، تو نٹ کھٹ کی طرح تم بھی جادو دکھا سکتے ہو۔''

چٹ پٹ نے باپ سے پوچھا کیلینڈر کیا چیز ہے؟ اس کا کام کیا ہے؟ اس سے تاریخ اور دن کا پتہ کیسے چلتا ہے؟''

والد بولے ''میں بتاتا ہوں۔ دھیان سے سنو''

تم سال کے بارہ مہینوں اور ہفتہ کے سات دنوں کے نام جانتے ہو۔ انہیں لکھو۔ نیچے ۲۰۰۹ء کے ماہ جنوری کا کیلینڈر درج ہے۔

## جنوری ۲۰۰۹ء





| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | سنیچر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | ۱ | ۲ | ۳ |
| ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |
| ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ | ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ |
| ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ |
| ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ |

اس کیلینڈر سے کون کون سی معلومات حاصل کرتے ہو فہرست بنائیے۔

ماہِ جنوری کے کتنے دن ہوتے ہیں؟

کون کون مہینہ اکتیس (۳۱) دنوں والا اور کون کون سا مہینہ تیس (۳۰) دنوں کا ہوتا ہے اسے لکھیے۔

| ۳۱ دن والا مہینہ | ۳۰ دن والا مہینہ |
| --- | --- |
| | |

صرف فروری کا مہینہ ۲۸ دنوں کا اور چار سال میں ایک مرتبہ ۲۹ دنوں کا ہوتا ہے۔ جس سال فروری ۲۹ دنوں کا ہوتا ہے اسی سال کو سا لکبیہ کہتے ہیں۔

## فروری ۲۰۰۹ء

| | | | | |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| اتوار | ۱ | ۸ | ۱۵ | ۲۲ |
| پیر | ۲ | ۹ | ۱۶ | ۲۳ |
| منگل | ۳ | ۱۰ | ۱۷ | ۲۴ |
| بدھ | ۴ | ۱۱ | ۱۸ | ۲۵ |
| جمعرات | ۵ | ۱۲ | ۱۹ | ۲۶ |
| جمعہ | ۶ | ۱۳ | ۲۰ | ۲۷ |
| سنیچر | ۷ | ۱۴ | ۲۱ | ۲۸ |

## مارچ ۲۰۰۹ء

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | سنیچر |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ |
| ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ |
| ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ |
| ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ |
| ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ | | | | |

مہینے کی تاریخ کو سات دنوں کی دائیں طرف یا نیچے نیچے اس طرح لکھا گیا ہے کہ اسے دیکھ کر کون سی تاریخ کس دن ہے معلوم ہو جاتا ہے۔ کیلینڈر میں تاریخ اور دنوں کا نام اس طرح سجایا جاتا ہے۔

اوپر کے کیلینڈر کو دیکھ کر مندرجہ ذیل کے سوالوں کے جواب لکھیے:

- فروری میں کتنے اتوار کے دن ہیں؟
- مارچ میں کتنی جمعرات ہے؟
- فروری میں تمام بدھ کس کس تاریخ میں پڑے تھے؟
- مارچ کی ۶ تاریخ سے ۱۷ تاریخ تک کتنے دن ہیں؟
- تم ماموں کے گھر فروری ۲۵ تاریخ میں پہنچے اور مارچ کی چھے تاریخ کو واپس آیے۔ تو وہاں کتنے دن ٹھہرے۔

☆ کیلینڈر دیکھ کر خالی جگہوں کو پر کیجیے:

فروری مہینہ میں:

پہلا منگل.............تاریخ پہلا سنیچر.............تاریخ

دوسرا منگل.............تاریخ دوسرا سنیچر.............تاریخ

تیسرا منگل.............تاریخ تیسرا سنیچر.............تاریخ

چوتھا منگل.............تاریخ چوتھا سنیچر.............تاریخ

## مشق

1۔ (i) مہینہ کا پہلا اتوار ۱ر تاریخ کو پڑا، تو دوسرا اتوار.............تاریخ کو پڑے گا۔

(ii) مہینہ کا دوسرا پیر ۹ر تاریخ کو ہوا، تو تیسرا پیر.............تاریخ کو ہوگا۔

(iii) مہینہ کا تیسرا جمعہ.............تاریخ کو ہوا، تو چوتھا جمعہ ۲۸ تاریخ کو ہوگا۔

(iv) ایک مہینہ کا پانچواں جمعہ ۳۰ر تاریخ کو ہوا تھا، تو اسی مہینہ کا چوتھا جمعہ.............تاریخ کو ہوگا۔

(v) مہینہ کا پہلا منگل ۴ر تاریخ کو پڑے، تو تیسرا منگل.............تاریخ کو ہوگا۔

(vi) سال ۲۰۰۸ء اپریل کے مہینہ کی پہلی جمعرات ۳ر تاریخ کو تھی، تو اسی مہینہ کے تمام جمعے ...... ...... ...... تاریخ کو پڑے ہوں گے۔

2۔ مندرجہ ذیل کیلینڈر کے خالی خانوں کو پر کیجیے۔

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | سنیچر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ☆ | ☆ | ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ |
| ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ |
| | | | | | | |
| | | | | | | |
| | | | ۳۰ | ☆ | ☆ | ☆ |

یہ کیلینڈر کس کس مہینے کا ہوسکتا ہے لکھیے۔

3۔ ایک سال کا ماہ مارچ کا کیلینڈر نیچے دیا گیا ہے۔ اسے غور سے دیکھیے اور اسی سال کے فروری اور اپریل کے مہینوں کا کیلینڈر تیار کیجیے۔

**مارچ ۲۰۰۹ء**

| اتوار | پیر | منگل | بدھ | جمعرات | جمعہ | سنیچر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ |
| ۸ | ۹ | ۱۰ | ۱۱ | ۱۲ | ۱۳ | ۱۴ |
| ۱۵ | ۱۶ | ۱۷ | ۱۸ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۱ |
| ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ |
| ۲۹ | ۳۰ | ۳۱ | | | | |

**فروری ۲۰۰۹ء**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اتوار | | | | |
| پیر | | | | |
| منگل | | | | |
| بدھ | | | | |
| جمعرات | | | | |
| جمعہ | | | | |
| سنیچر | | | | |



**اپریل ۲۰۰۹ء**

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| اتوار | | | | |
| پیر | | | | |
| منگل | | | | |
| بدھ | | | | |
| جمعرات | | | | |
| جمعہ | | | | |
| سنیچر | | | | |

4۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اتوار | ۱ | ۸ | ۱۵ | ۲۲ | ۲۹ |
| پیر | ۲ | ۹ | ۱۶ | ۲۳ | ۳۰ |
| منگل | ۳ | ۱۰ | ۱۷ | ۲۴ | ۳۱ |
| بدھ | ۴ | ۱۱ | ۱۸ | ۲۵ | |
| جمعرات | ۵ | ۱۲ | ۱۹ | ۲۶ | |
| جمعہ | ۶ | ۱۳ | ۲۰ | ۲۷ | |
| سنیچر | ۷ | ۱۴ | ۲۱ | ۲۸ | |

کیلینڈر میں بنے خانوں سے چھوٹے عدد میں ۸ جمع کیجیے۔ حاصل جمع سے ۹ ضرب کرو۔ حاصل ضرب کتنا ہوا اب خانوں کے اندر کے تمام اعداد کی جمع کیجیے۔

کیا نظر آیا؟

تم اسی طرح کیلینڈر سے جادوئی عدد نکالو اور آزمائش کیجیے۔

755QXT

سبق:16


# روپیوں پیسوں کا حساب

ہم برابر ہیں:



- اوپر درج نوٹ کی مقدار کے ساتھ، نیچے میں درج جن نوٹوں کی مقدار برابر ہے انہیں تیر کے نشان سے جوڑیے۔








● درمیانی خانہ میں درج روپیہ کی مقدار کے ساتھ جس خانہ کے روپے کی مقدار برابر ہے اسے تیر کے نشان سے دکھایئے۔




۱۰روپے = ......عدد۵/کانوٹ

= ......عدد۲/کانوٹ

۵۰روپے = ......عدد۱۰/کانوٹ

= ......عدد۵/کانوٹ

= ۳/عدد۱۰ کانوٹ + ......عدد۵/کانوٹ

۱۰۰روپے = ......عدد۵۰/کانوٹ

= ......عدد۵۰ کانوٹ + ......عدد۲۰/کانوٹ + ......عدد۱۰/کانوٹ

= ......عدد۲۰ کانوٹ + ۴/عدد۱۰/کانوٹ + ......عدد۵/کانوٹ

- تیر کے نشان لگا کر ملائیے:

| | | |
|---|---|---|
| دو عدد ۲۰/ کا نوٹ + | تین عدد ۱۰/ کا نوٹ | ۸۵ روپے |
| تین عدد ۱۰/ کا نوٹ + | پانچ عدد ۵/ کا نوٹ | ۷۵ روپے |
| ایک عدد ۵/ کا نوٹ + | دو عدد ۲۰ کا نوٹ | ۹۰ روپے |
| چھے عدد ۱۰/ کا نوٹ + | تین عدد ۵ کا نوٹ | ۷۰ روپے |
| تین عدد ۱۰/ کا نوٹ + | دس عدد ۵ کا نوٹ | ۵۵ روپے |
| سات عدد ۵/ کا نوٹ + | پانچ عدد ۱۰ کا نوٹ | ۸۰ روپے |
| | | ۱۰۰ روپے |

- نیچے مختلف کھلونوں کی قیمت درج ہے اسے ٹھیک سے دیکھیے:


۷۵ روپے


۵۰ روپے


۸۰ روپے


۸۵ روپے


۱۲۵ روپے


۱۷۵ روپے

- قیمتوں کو جوڑنے پر کتنا ہوگا؟

(i) مچھلی اور مرغی کی قیمت جوڑ کر: ................ + ................ =................

(ii) طوطا اور خرگوش کی قیمت جوڑ کر: ................ + ................ =................

(iii) کتا اور خرگوش کی قیمت جوڑ کر: ................ + ................ =................

(iv) طوطا اور کوّا کی قیمت جوڑ کر: ................ + ................ =................

(v) مرغی اور کتا کی قیمت جوڑ کر: ................ + ................ =................

(vi) مچھلی اور کوّا کی قیمت جوڑ کر: ................ + ................ =................


قلم اور ربر ...........+...........

کتاب اور پنسل ...........+...........

کتاب اور ربر ...........+...........

قلم اور کتاب ...........+...........

قلم اور پنسل ...........+...........



Rs. 4/-



Rs. 18/-


Rs. 2/-


Rs. 15/-


☆ والد نریش کو ساتھ لے کر سبزی خریدنے بازار گیے۔ آلو اور گوبھی دو چیزیں خریدنی ہیں۔ سبزی کی چار دکانیں تھیں۔










والد نے نریش سے پوچھا، کس دکان سے ہم آلو اور گوبھی کم قیمت میں خرید سکتے ہیں؟

نریش نے حساب لگایا:

| | پہلی دکان | دوسری دکان | تیسری دکان | چوتھی دکان |
|---|---|---|---|---|
| آلو | ۵ روپے | ۵ روپے ۵۰ پیسہ | ۴ روپے ۷۵ پیسہ | ۷ روپے |
| گوبھی | ۱۲ روپے | ۱۳ روپے | ۱۴ روپے | ۱۲ روپے ۵۰ پیسہ |
| | ........... | ................ | .................. | ............... |
| | ۱۷/روپے | ۱۸/روپے ۵۰ پیسہ | ۱۸/روپے ۷۵ پیسہ | ۱۷/روپے ۵۰ پیسہ |

- بتایئے کس دکان سے خریدنے سے کم قیمت آدا کرنی ہوگی؟

آلو اور پیاز خریدیں تو

پیاز اور بیگن خریدیں تو

گوبھی اور پیاز خریدیں تو

آلو اور بیگن خریدیں تو

چوتھے دکاندار سے آلو اور پیاز خرید کر ۲۰ روپے دیئے تو ۔ وہ کتنے روپے واپس کرے گا؟

| | روپے | پیسہ |
|---|---|---|
| | ۲۰ | ۰۰ |
| – | ۱۳ | ۰۰ |
| | ۷ | ۰۰ |

چوتھے دکاندار سے پیاز اور بیگن خرید کر ۵۰ روپے دیئے ۔ وہ کتنے روپے واپس کرے گا؟

| | روپے | پیسہ |
|---|---|---|
| | ۵۰ | ۰۰ |
| – | ۱۷ | ۰۰ |
| | ۳۳ | ۰۰ |

تیسرے دکاندار سے گوبھی اور پیاز خرید کر ۲۵ روپے دیئے ۔ وہ کتنے روپے واپس کرے گا؟

| | روپے | پیسہ |
|---|---|---|
| | ۲۵ | ۰۰ |
| – | ۲۱ | ۰۰ |
| | ۴ | ۰۰ |

## مشق

1۔ (i) ۱۰۰/روپے کے بدلے..........عدد ۵۰/ کے نوٹ ملیں گے۔

(ii) ۵۰/روپے کے بدلے..........عدد ۲۰/ کے نوٹ اور..........عدد ۱۰/ کے نوٹ ملیں گے۔

(iii) ۲۰/روپے کے بدلے..........عدد ۱۰/ کے نوٹ اور..........عدد ۵/ کے نوٹ ملیں گے۔

(iv) ۵/روپے کے بدلے..........عدد ۲/ کے نوٹ اور..........عدد ۱/ کے نوٹ ملیں گے۔

2۔ تم ۲۰ روپے دے کر بال اور ۶۷ روپے دے کر ایک بیٹ خریدے۔ کل ملا کر کتنا خرچ کیے؟

بال کی قیمت =............

بیٹ کی قیمت =............

کل قیمت =............

3۔ رحیم بازار کو ۹۵ روپے لے کر گیا تھا۔ وہ ۶۸ روپے دے کر ایک مرغی خریدا۔ تو اس کے پاس اور کتنا روپیہ بچا۔

رحیم کے پاس تھا =............

مرغی خریدا =............

باقی رہا (بچا) =............

4۔ ایک کھلونا کی قیمت ۶۰/روپے ۸۰ پیسہ۔ تمہارے پاس ۴۵ روپے ہے۔ اور کتنے روپے ہونے سے تم کھلونا خریدو گے۔

کھلونا کی قیمت =............

پاس میں ہے =............

اور ضرورت ہے =............

5۔ گیتا کے پاس ہے ۹۱/روپے ۵۰ پیسہ۔ بیتا کے پاس اس سے ۱۲/روپے ۲۵ پیسہ کم ہے۔ بیتا کے پاس کتنا روپے ہے؟

6۔ ہری کے پاس ۲۵/روپے ۷۵ پیسہ تھا۔ ماموں اسے ۵۰ روپے دیے۔ وہ ۶۰/روپے ۵۰ پیسہ دے کر شرٹ خریدا۔ تو اس کے پاس اور کتنا روپیہ رہا۔

سبق:17

# وقت بولے میں ٹھیک



گھڑی کی کتنی سوئیاں ہیں؟
چھوٹی سوئی گھنٹے کی ہوتی ہے
پتلی سوئی سیکنڈ کی ہوتی ہے
موٹی اور بڑی منٹ کی ہوتی ہے۔
منٹ کی سوئی ایک مرتبہ پورا چکر لگانے پر کتنے نقطوں سے گزرتی ہے۔
اسی دوران گھنٹے کی سوئی ایک گھنٹہ آگے جاتی ہے۔

غور کریں:
سیکنڈ کی سوئی ۶۰ عدد چھوٹے نقطوں کا چکر لگانے پر منٹ کی سوئی ایک نقطہ آگے بڑ



۱منٹ = ۶۰ سیکنڈ

آپ اپنی پسند کی گھڑی کا انتخاب کریں:





ہم تینوں ہی ایک عدد ہیں:

خالی جگہوں کو پر کریں:

| | | |
|---|---|---|
| 1<br>१ I | 2<br>२ II | 3<br>३ III |
| 4<br>◯ ◯ | 5<br>◯ ◯ | 6<br>◯ ◯ |

● **خود لکھیے:**

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲ | ۱۱ | ۱۰ | ۹ | ۸ | ۷ | ۶ | ۵ | ۴ | ۳ | ۲ | ۱ |
| 12 | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | .... | 3 | .... | .... |
| XII | .... | .... | IX | .... | .... | .... | V | .... | .... | .... | .... |

غور کریں:



گھڑی میں بارہ عداد لکھے ہوئے ہیں۔

منٹ کی سوئی ۱۲/ کے اوپر ہے۔

گھنٹے کی سوئی ۹/ کے اوپر ہے۔

وقت ۹/ بجا ہے۔

● **گھڑی کی تصویر دیکھ کر وقت بتایئے:**



بچہ صبح ............................ بجے بستر سے اٹھتا ہے۔





بچہ ............................ بجے ناشتہ کرتا ہے۔





بچہ ............................ بجے اسکول جاتا ہے۔





بچہ ............................ بجے دوپہر کا کھانا کھاتا ہے۔



- کس گھڑی میں کتنا وقت ہوا ہے، دائیں طرف درج وقت کے ساتھ لکیر کھینچ کر جوڑیئے۔



٦ بجے



٨ بجے



١١ بجے



٧ بجے



٥ بجے

- نیچے کی گھڑیوں میں اس طرح سوئیاں لگائیے کہ دیے گیے وقت کا پتہ چل جایے۔

وقت ٢ بجا ہے



وقت ۴ بجا ہے



وقت ١٠ بجا ہے



وقت ١٢ بجا ہے



غور کریں:




منٹ کی سوئی ۶ر کے اوپر ہے

گھنٹے کی سوئی ۸ر اور ۹ر کے درمیان ہے

وقت ۸ر بج کر ۳۰ منٹ ہوا ہے۔

اسے ساڑھے آٹھ بھی کہتے ہیں۔

- گھڑی کی تصویر دیکھ کر وقت بتائیے:



____ بج کر ____ منٹ



____ بج کر ____ منٹ



____ بج کر ____ منٹ



____ بج کر ____ منٹ

- وقت دیکھ کر گھڑیوں میں گھنٹے کی سوئی اور منٹ کی سوئی لگائیے:



وقت ۷ر بجے



وقت ۱۱ر بجے



وقت ۹ر بج کر ۳۰ منٹ



وقت ۵ر بج کر ۳۰ منٹ



وقت ۷ر بج کر ۳۰ منٹ



وقت ۱۲ر بج کر ۳۰ منٹ



گھنٹے کی سوئی قریب قریب ۸ پر ہے

منٹ کی سوئی ۱؍ پر ہے۔

وقت: ۸ بج کر ۵ منٹ



گھنٹے کی سوئی تقریباً ۱۰ اور ۱۱ کے درمیان ہے

منٹ کی سوئی ۳؍ کے اوپر ہے۔

وقت: ۱۰ بج کر ۱۵ منٹ



گھنٹے کی سوئی تقریباً ۱۲ اور ۱ کے درمیان ہے

منٹ کی سوئی ۵؍ کے اوپر ہے۔

وقت: ۱۲ بج کر ۲۵ منٹ



گھنٹے کی سوئی تقریباً ۵ اور ۶ کے درمیان ہے

منٹ کی سوئی ۹؍ پر ہے۔

وقت: ۵ بج کر ۴۵ منٹ

- گھڑی کی تصویر میں گھنٹے کی سوئی اور منٹ کی سوئی بنا کر مندرجہ ذیل وقت بتائیں۔



۸ بج کر ۲۰ منٹ



۷ بج کر ۵۰ منٹ



۳ بج ۲۵ منٹ

دو طریقہ سے وقت کی گنتی ہوتی ہے



۸ بج کر ۳۵ منٹ یا
۹ بجنے کو ۲۵ منٹ باقی ہے



۱۰ بج کر ۴۰ منٹ یا
۱۱ بجنے کو ۲۰ منٹ باقی ہے

- ہر گھڑی کے نیچے دونوں طرح کا وقت لکھیے:






# مشق


1۔ مائل کھمبے تک پہنچنے کے لیے خرگوش کو کتنا وقت لگے گا؟



2۔ بچہ کتنے بجے گھر پہنچا؟



3۔ بچہ کتنی دیر تک کھیلا؟



## کس کے بعد کیا؟

ماں :ارچیتا، تم آٹا، نمک، پانی اور برتن لاؤ

ارچیتا:''امی! کیا آپ آٹا گوندھیں گی؟

ماں:''ہاں''



آٹا گوندھنے کے بعد ماں بولی:''ارچیتا بیلن اور پیڑھا لاؤ''



ارچیتا بولی: امی! کیا آپ آٹا بیل کر روٹی پکائیں گی؟

ماں۔ ہاں

ماں نے روٹی سینکی

اس کے بعد ماں ارچیتا کو بولی۔

تم اب روٹی سیکنے لیے چولہے کے پاس لے کر آؤ۔

یہ سن کر ارچیتا بولی۔''ماں، میں جانتی ہوں اس کے بعد تم روٹی سینکو گی۔''

ماں خوش ہو کر بولی۔''روٹی بنانے کے لیے کس کے بعد کیا ہوتا ہے تم ٹھیک جانتی ہو۔





اب بولو۔ اس کے بعد کیا ہوگا

ارچیات کود پڑی اور بولی۔''ہم سب مل کر کھائیں گے۔

● کس تصویر میں لوگ کیا کرتے ہیں تصویر دیکھ کر بتائیے:



تصویر دیکھ کر بتائیے کس کے بعد کون سا کام ہوتا ہے، ۱، ۲، ۳، ۴ کے ذریعہ بتائیے۔

● مختلف مرحلے میں ہونے والے کاموں کو اس ترتیب سے لکھیں:

| | کام کا نام | کس ترتیب سے کام ہوگا |
|---|---|---|
| ۱ | دانت صاف کرنا | |
| ۲ | پڑھنا | |
| ۳ | کپڑا صاف کرنا | |

سبق: 18

# معلومات حاصل کریں

75NI24

آپ کبھی نندن کانن گیے ہیں؟

وہاں کتنی قسم کے چیتے ہیں؟ کس قسم کے چیتے کی تعداد زیادہ ہے؟

مندرجہ ذیل فہرست میں چیتوں کی تعداد درج ہے۔





| چیتا کی قسم | تعداد |
|---|---|
| سفید چیتا | ۳ |
| مہابل چیتا | ۵ |
| چتکبرا چیتا | ۲ |
| کلیراپتر والا چیتا | ۱ |











- **فہرست دیکھ کر لکھیے:**


(i) ......................چیتوں کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔

(ii) ......................چیتوں کی تعداد سب سے کم ہے۔

(iii) ...........اور...............چیتوں کی کل ملا کر مہابل چیتا کی تعداد کے برابر ہے۔

2۔ مندرجہ تصویروں کو دیکھ کر ایک فہرست بنائی گئی ہے۔





| پھول کا نام | پھول کی تعداد |
| --- | --- |
| سدابہار | ۴ |
| مندار | ۵ |
| نیم | ۳ |
| اپراجیتا | ۲ |


فہرست دیکھ کر جواب دیں:

(i) ............ پھول کی تعداد سب سے زیادہ ہے۔

(ii) ............ پھول کی تعداد سب سے کم ہے۔

(iii) ............ اور ............ پھول کی کل تعداد ملا کر ............ پھول کی تعداد کے برابر ہے۔




3۔ لوڈو کا کھیل:



آپ نے کبھی لوڈو کھیلا ہے؟ لوڈو کے گوٹ کی کتنی سمتیں ہیں؟ ہر سمت پر کتنے نقطے ہیں؟

- سونو نے لوڈو کے گوٹ کو ۲۰ مرتبہ پھینکا:
- ایک نقطے والی سمت وہ دو دفعہ پایا

اسی طرح دوسرے سمتوں کو کتنے مرتبہ پایا، مندرجہ ذیل فہرست میں ان کے اعداد درج ہے۔ اس کو ٹالی کا نشان کہتے ہیں۔

| لوڈو کے گوٹ کی سمتیں | ٹالی کا نشان | کل مرتبہ |
|---|---|---|
|  | II | ۲ |
|  | III | ۳ |
|  | IIIII | ۵ |
|  | III | ۳ |
|  | III | ۳ |
|  | IIII | ۴ |
| | کل | ۲۰ |

### فہرست دیکھ کر خالی جگہوں کو پر کریں:

سونو (i) .......... سمت زیادہ مرتبہ پایا۔

(ii) .......... سمت سب سے کم مرتبہ پایا۔

(iii) .......... اور .......... سمت برابر مرتبہ ہے۔

سونو کا لوڈو کھیل آپ نے دیکھا۔ اس کھیل سے بھی بہت جانکاری حاصل ہوئی۔

- اب آپ لوڈو کے دانہ کو ۲۰ مرتبہ ڈالیں۔
- سونو کے لیے جس طرح فہرست بنائی گئی ہے، اسی طرح ایک فہرست بنائیے۔
- ہر مرتبہ کون سی سمت آئی اس کو ٹالی کا نشان دیکر فہرست میں لکھیے۔

اسی طرح ۲۰ مرتبہ گوٹ ڈالنے کے بعد کتنی مرتبہ کون سی سمت آئی۔ ٹالی کے نشان کی گنتی کر کے فہرست میں کل مرتبہ کی خالی خانہ کو پر کریں۔

## مشق

1۔



تصویر کو دیکھ کر فہرست میں ٹالی کے نشان لگائیے۔

فہرست

| پتر کے نام | ٹالی کا نشان | کل مرتبہ |
|---|---|---|
| آم | | |
| کٹھل | | |
| کنول | | |
| پیپل | | |

**خالی جگہوں کو پر کریں:**

(i) ................. کے پتر کی تعداد سب سے زیادہ اور ................. کے پتر کی تعداد سب سے کم ہے۔

(ii) کنول کے پتر اور کٹھل کی کل تعداد ..........

(iii) کٹھل کے پتر سے پیپل کے پتر کی تعداد ................ زیادہ ہے۔

2۔ [۱] [۲] [۳] [۴] لکھے ہوئے کل پندرہ عدد کارڈ لے کر مندرجہ ذیل فہرست تیار کریں۔

(استاد ہر بچہ کو ۱۵/عدد کارڈ دیں گے اور بچے ایک ایک فہرست تیار کریں گے)

| کارڈ میں نشان زد عدد | ٹالی نشان (I) | کل |
|---|---|---|
| ۱ | | |
| ۲ | | |
| ۳ | | |
| ۴ | | |

فہرست تیار کر کے مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیں۔

(i) [۱]/نشان والے کارڈ اور [۲] نشان والے کارڈ کی کل تعداد کتنی ہوگی؟

(ii) کس نشان والے کارڈ کی تعداد سب سے زیادہ ہے؟

(iii) کس نشان والے کارڈ کی تعداد سب سے کم ہے؟

3۔ ایک جماعت میں پڑھنے والے ۳۰/بچوں کے جوتوں کا ناپ فہرست کی صورت میں دیا گیا ہے۔فہرست کو دیکھ کر سوالوں کے جواب دیں۔

| جوتا نمبر | بچوں کی تعداد | کل |
|---|---|---|
| ۳ | IIIIII | |
| ۴ | IIII | |
| ۵ | IIIIIIIIII | |
| ۶ | IIIIIII | |
| ۷ | III | |
| کل | | |

(i) کتنے بچے تین نمبر کا جوتا استعمال کرتے ہیں؟

(ii) ۴ نمبر کا جوتا استعمال کرنے والے بچوں کی تعداد کتنی ہے؟

(iii) ۷ نمبر کا جوتا استعمال کرنے والے بچوں کی تعداد کتنی ہے؟


(iv) ۵ نمبر کا جوتا استعمال کرنے والے بچوں کی تعداد کتنی ہے؟

(v) سب سے زیادہ لڑکے کتنا نمبر کا جوتا استعمال کرتے ہیں؟

(vi) فہرست سے کچھ سوالات بنائیں اور اپنے ساتھی سے جواب پوچھیں۔

## نمونہ تیار کرنا

- روزمرہ کی زندگی میں ہم ان چیزوں کو دیکھتے ہیں۔




اس کے بعد کی دو تصویریں کیسی ہوں گی کہیے۔



- سجے ہوئے کپ کو دیکھ کر اسی طرح کی بعد والی تین تصویریں بنائیں۔




- رنگ کریں:



خوبصورت طریقے سے کہاں کس طرح سجایا گیا ہے دیکھیے۔

## ہمارا قومی گیت



جن گن من ادھی نا یک جئے ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
پنجاب سندھ گجرات مراٹھا
دراوڑ اتکل بنگا
وندھ ہماچل یمونا گنگا
اچھل جلدھی ترنگا
تب شبھ نامے جاگے
تب شبھ آشس ماگے
گاہے تب جئے گاتھا
جن گن منگل دایک جئے ہے
بھارت بھاگیہ ودھاتا
جئے ہے جئے ہے جئے ہے
جئے جئے جئے جئے ہے

☆☆☆